آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعہ 14 اکتوبر 2022ء بمطابق 17 ربیع الاول 1444ھ | شمارہ نمبر 241

نیشنل گرڈ میں خلل، ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند

نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند ہوگئی جبکہ کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا، کیپ نیوکلیئر پلانٹ کی بجلی بھی سسٹم سے نکل گئی

نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث 6 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی، بجلی بحال کرنے کیلئے آپریشن جاری ہے

ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن میں ساختی خرابی پیدا ہوئی، متعدد جنوبی پاور پلانٹس مرحلہ وار ٹرپ ہو رہے ہیں، پاور پلانٹس ٹرپ ہونے سے ملک کے جنوبی حصے میں بجلی ترسیل میں رکاوٹ آرہی ہے، وزارت توانائی

کراچی (ٹی این ایم) نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند ہوگئی جبکہ کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا، کیپ نیوکلیئر پلانٹ کی بجلی بھی سسٹم سے نکل گئی۔ نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث 6 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی، بجلی بحال کرنے کیلئے آپریشن جاری ہے جبکہ وزارت توانائی فنی خرابی کی وجہ کی تحقیق کر رہی ہے۔ ملتان سے زیریں پنجاب میں بھی بجلی سسٹم سے نکل گئی ہے۔ کراچی میں راشد منہاس روڈ، گلشن بحال، گلستان جوہر اور گلشن اقبال کے علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل

جاری نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

تہجد	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع: تہجد صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

آستانہ: وزیراعظم شہباز شریف سیکا سربراہی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیلاب سے ہونے والی تباہی نے پاکستان کو کئی دہائی پیچھے دھکیل دیا، وزیراعظم

خطے میں امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ضروری ہے، پاکستان امن کیلئے بھارت سے بہتر تعلقات چاہتا ہے، بھارت اقلیتوں، ہمسایہ ممالک، خطے اور خود اپنے لیے خطرہ بن چکا ہے

پاکستان سیکا پلیٹ فارم کو بہت اہمیت دیتا ہے اور قازقستان کی لیڈرشپ کی قدر کرتے ہیں، ہم بھارت کے ساتھ بہتر تعلقات چاہتے ہیں لیکن اس کا انحصار بھارت پر ہے

سیلاب سے ہونے والی تباہی نے پاکستان کو کئی دہائی پیچھے دھکیل دیا ہے جس کے نتیجے میں بچوں سمیت ایک ہزار 600 سے زائد پاکستانی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے، وزیراعظم کا سیکا سربراہی اجلاس سے خطاب

آستانہ (آن لائن) وزیراعظم میاں شہباز شریف نے کہا ہے کہ خطے میں امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ضروری ہے، پاکستان امن کیلئے بھارت سے بہتر تعلقات چاہتا ہے، بھارت اقلیتوں، ہمسایہ ممالک، خطے اور خود اپنے لیے خطرہ بن چکا ہے، سیلاب سے ہونے والی تباہی نے پاکستان کو کئی دہائی پیچھے دھکیل دیا، تباہی سے نکلنے میں دہائیاں لگیں گی، سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، اقوام متحدہ کی جانب سے 816 ملین ڈالر کی نئی اپیل قابل ستائش ہے۔ قازقستان میں ایشیا میں روابط اور اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق سیکا سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ سیکا سربراہی اجلاس سے خطاب فخر کی بات ہے، پاکستان سیکا پلیٹ فارم کو بہت اہمیت دیتا ہے اور قازقستان کی لیڈرشپ کی قدر کرتے ہیں۔

جاری نمبر 2 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالمالک کی پروفیسر ڈاکٹر عبدالحلیم صادق سے ملاقات، علاقائی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ہماری سوچ میں کوئی فرق نہیں ہم عوام کی طاقت اور سیاست پر یقین رکھتے ہیں، ڈاکٹر عبدالحلیم صادق سمالانی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور جنرل سیکرٹری جان محمد بلیدی کی پروفیسر ڈاکٹر عبدالحلیم صادق سمالانی سے ملاقات، علاقائی اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمہوریت کو نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر

جاری نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ہرنائی کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ لیویز حکام کے مطابق جمعرات کو ضلع ہرنائی کی تحصیل

جاری نمبر 12 صفحہ 3 پر

ناقص حکمت عملی، عوام روزگار سے محروم ہوچکے، محمد فائق شاہ

کوئٹہ (این این آئی) امن ترقی پارٹی کے لیڈر میر محمد فائق شاہ نے کہا ہے کہ معاشی آزادی بہترین فیصلے کرنے کے

جاری نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، گوادر چیمبر

گوادر (ایچ این) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بمقام گوادر چیمبر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان

جاری نمبر 14 صفحہ 3 پر

رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ کا یونیورسٹی آف بلوچستان سب کیمپس کا دورہ

طلباء و طالبات دیگر دور دراز کے صوبوں میں حصول علم کے لیے دن رات سڑکوں پر سراپا احتجاج ہے

خاران (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ نے یونیورسٹی آف بلوچستان سب کیمپس کا دورہ کیا اس موقع کمشنر رخشان ڈویژن سیف اللہ کھیتران سابق تحصیل ناظم حاجی میر محمد جمعہ کھوسلی بھی ان کے ہمراہ تھے، رکن صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ نے خاران کیمپس کے کوآرڈینیٹر شاکر علی

جاری نمبر 11 صفحہ 3 پر

ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن سسٹم میں خرابی کے باعث بلوچستان کے 28 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن سسٹم میں خرابی کے باعث بلوچستان کے 28 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی معمولات زندگی بری طرح متاثر۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کی صبح ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن سسٹم میں خرابی کے باعث صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 28 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی جس

جاری نمبر 16 صفحہ 3 پر

صوبائی محتسب بلوچستان کا ادارہ عوام کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی میں مصروف عمل ہے

کوئٹہ (ایچ این) صوبائی محتسب بلوچستان کا ادارہ عوام کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی میں مصروف عمل ہے لہذا اس ضمن

جاری نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیراعظم نے ہمارے طلباء کا دیرینہ مسئلہ حل کرکے تعلیم دوستی کا ثبوت دیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

اس اقدام سے بلوچستان کے زیر تعلیم طلبہ اپنی تعلیم مکمل کرسکیں گے، عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ایچ این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے پنجاب کی مختلف یونیورسٹیوں میں بلوچستان اور فاٹا کے زیر تعلیم طلباء کی فیسوں کے مسئلے کو حل کرنے پر وزیراعظم پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان اور فاٹا کے طلباء کے تعلیمی اخراجات وفاق اور متعلقہ یونیورسٹی کی جانب

جاری نمبر 10 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے گرانفروشوں، منافع خوروں اور سرکاری نرخ پر عمل درآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (ایچ این) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے گرانفروشوں، منافع خوروں اور سرکاری نرخ پر عمل درآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 75 دکانداروں کو گرفتار جبکہ 60 سے زائد دکانوں کو سیل کردیا گیا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شیک بلوچ کی ہدایت اور عوامی شکایات پر اسسٹنٹ

جاری نمبر 17 صفحہ 3 پر

واشنگٹن: وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار امریکی سیکرٹری انٹرنیشنل افیئرز سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی ملاقات کر رہے ہیں

صوبے بھر میں 2021 کے بعد سے پولیو وائرس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے، سید زاہد شاہ

معاشرے کو اس موذی مرض سے پاک کرنے کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے

میڈیا کا کردار نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے، کوآرڈینیٹر ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان

کوئٹہ (ایچ این) ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر سید زاہد شاہ نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں 2021 کے بعد سے پولیو وائرس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے، معاشرے کو اس موذی مرض سے پاک کرنے کے لیے مشترکہ کاوشوں کی ضرورت ہے جس میں میڈیا کا کردار نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان کے مختلف ٹی وی چینلز کے بیورو چیف اور اخبارات کے مدیران کیساتھ ملاقات اور بریفنگ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر

جاری نمبر 18 صفحہ 3 پر

وزیر خارجہ سے مالدیپ، شام اور سوئٹزرلینڈ کے سفیروں کی الگ الگ ملاقات

بلاول بھٹو نے ہدایت کی کہ مالدیپ کے ساتھ تجارتی تعلقات میں اضافے اور سیاحت میں فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں

ملک شام سے تجارتی اور تعلیمی میدان میں باہمی تعاون کے نئے راستے تلاش کئے جائیں، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے مالدیپ، شام اور سوئٹزرلینڈ کے سفیروں کی الگ الگ ملاقات، تجارتی تعلقات میں اضافے، سیاحت میں فروغ، شام میں پاکستانی زائرین کو ہر ممکن سہولیات مہیا کرنے، باہمی تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے بارے اقدامات پر تبادلہ خیال

سوئٹزرلینڈ کی جانب سے پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے امداد پر شکریہ ادا کیا۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے مالدیپ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیاض کیلانی سے ملاقات میں کہا کہ مالدیپ اور پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے ایک سے حالات درپیش

جاری نمبر 4 صفحہ 3 پر

ضلع ژوب میں پے منٹ مافیا دوبارہ متحرک، ہزاروں گھرانے شکنجے میں آگئے، سمیع اللہ مندوخیل

سود خوروں نے ہزاروں گھروں کو مالی طور پر تباہ کیا، اتحاد نوجوانان ژوب

ژوب (نامہ نگار) اتحاد نوجوانان بلوچستان ضلع ژوب صدر سمیع اللہ مندوخیل نے اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بعض بااثر افراد سادہ لوح شہریوں کو سود پر موٹر سائیکل، ٹی وی، فریج، موبائل فون اور دیگر گھریلو سامان کے عوض بھاری سود وصول کرتے

جاری نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، ڈی جی کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

گوادر (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بمقام گوادر چیمبر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں پی سی ڈی اے محدود وسائل سے مختلف پروجیکٹس کے ذریعے بلوچستان کے ساحلی بیلٹ کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے ان میں ایکو ٹورازم پروجیکٹس، ایچ

جاری نمبر 23 صفحہ 3 پر

یوٹیلیٹی اسٹورز بھی سستے نہ رہے قیمتوں میں مزید اضافہ

دودھ، چائے، کوکنگ آئل، گھی سمیت متعدد اشیاء مہنگی کردی گئیں، اطلاق فوری ہوگا

اسلام آباد (ٹی این ایم) ملک بھر کے یوٹیلیٹی اسٹورز پر مختلف برانڈز کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کردیا گیا، قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری طور پر ہوگا۔ اس حوالے سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق ایک لیٹر دودھ کی قیمت میں 20 روپے تک کا اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد ایک لیٹر دودھ کی قیمت 197 سے بڑھ کر 217 روپے ہوگئی جب کہ 450 گرام چائے کی قیمت 240 روپے تک مہنگی ہوگئی اور 450 گرام چائے کی قیمت 508 سے بڑھ کر 748 روپے کردی گئی۔ اسی طرح یوٹیلیٹی اسٹورز پر 100 ٹی بیگ پیک 282 روپے تک مہنگا کیا گیا ہے، جس کے بعد ٹی بیگ پیک کی قیمت 298 سے

جاری نمبر 20 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

لاہور ہائیکورٹ، بچوں خواتین سمیت 20 بھٹہ مزدوروں کو رہا کرنے کا حکم

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم نے بچوں خواتین سمیت 20 بھٹہ مزدوروں کو رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ عدالتی

جاری نمبر 31 صفحہ 3 پر

وفاقی کابینہ نے اسلام آباد میں رینجرز کی تعیناتی میں 3 ماہ توسیع کی منظوری دیدی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ نے اسلام آباد میں رینجرز کی تعیناتی میں 3 ماہ توسیع کی منظوری دیدی ہے۔ ذرائع کے

جاری نمبر 33 صفحہ 3 پر

فیصل آباد، نواز شریف کے چلتے پھولتے پاکستان کو عمران خان نے تباہ کردیا، عابد شیر علی

فیصل آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق وفاقی وزیر مملکت امیدوار این اے 108 چودھری

جاری نمبر 32 صفحہ 3 پر

چینی وفد سیلاب کی روک تھام بارے انتظامات کا تجزیہ کرنے پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (آن لائن) چینی ماہرین کا 11 رکنی وفد پاکستان پہنچ گیا۔ وفد موسمیاتی، ہائیڈرولوجیکل، ہائیڈرولک، انفارمیشن، سیٹلائٹ

جاری نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان کبھی فلسطینیوں کو نہیں بھول سکتا، وزیراعظم

پاکستان ہمارا گھر ہے، پاکستانی ہمارے بھائی اور بہنیں ہیں، پاکستانی ہمارے گھر کے لوگ ہیں، شہباز شریف

مفتی فلسطین اپنی وفات تک پاکستان میں رہے، ان کی دیکھ بھال پاکستان نے کی، صدر محمود عباس

آستانہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف سے فلسطین کے صدر محمود عباس نے ملاقات کی، دونوں قائدین کے درمیان جذباتی گفتگو اسلامی اخوت اور بھائی چارے کی مثال بن گئی، فلسطین کے صدر اور وزیراعظم شہباز شریف ایک دوسرے سے گرمجوشی سے بغل گیر ہوئے، فلسطین ہمارے ایمان و یقین کا حصہ ہے، صدر محمود عباس اور وزیراعظم شہباز شریف میں دلچسپ مکالمہ ہوا، صدر محمود عباس نے فرط جذبات سے وزیراعظم شہباز شریف کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام لئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ فلسطین نے سیلاب زدگان کی جس طرح مدد کی، بھول نہیں سکتے، پاکستان کبھی فلسطینیوں کو بھول نہیں سکتا، فلسطین ہمارے ایمان و یقین کا حصہ ہے، پاکستان ہمارا گھر ہے، پاکستانی ہمارے بھائی اور بہنیں ہیں، پاکستانی ہمارے گھر کے لوگ ہیں، ہم نے ان کے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔ ہم پاکستان کو کبھی نہیں بھولیں گے، ایک سوسال سے ہم پاکستانیوں کو کبھی نہیں بھولے، مفتی فلسطین اپنی وفات

جاری نمبر 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد میں سرکاری ملازمین کا سڑکوں پر نکلنے کا اعلان

ہاس رینٹ، میڈیکل اور کنویئنس الاؤنس میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے

تمام ڈیلی ویجز کنٹریکٹ، ایڈہاک، پی ایم ایچ ملازمین کو مستقل کیا جائے، مظاہرین کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کے لیے ایک اور مشکل کھڑی ہوگئی کیوں کہ سرکاری ملازمین نے اپنے مطالبات کے حق میں سڑکوں پر نکلنے کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی اسلام آباد میں سرکاری ملازمین نے ایک بار پھر مطالبات کے حق میں احتجاج شروع کردیا، سرکاری ملازمین کیپیٹل کے باہر جمع ہوئے جنہوں نے اپنے مطالبات تسلیم کروانے کے لیے سڑکوں پر نکلنے اور پارلیمنٹ ہاس تک مارچ کرنے کا بھی اعلان کیا۔ بتایا گیا ہے کہ سرکاری ملازمین نے اگیزیکٹیو الاؤنس سویلین کی طرز پر اپ

جاری نمبر 24 صفحہ 3 پر

پاکستان کبھی فلسطینیوں کو نہیں بھول سکتا، وزیراعظم

دنیا میں جب انقلاب آیا سب سے زیادہ طالب علموں نے حصہ لیا، حقیقی آزادی کو سیاست نہیں جہاد سمجھنا ہے

ایک مجرم کو سندھ کا گورنر بنا دیا گیا، نا انصافی کیخلاف آواز بلند کرنا جہاد ہے، چیئرمین تحریک انصاف کا تقریب سے خطاب

راولپنڈی (ٹی این ایم) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا ہے کہ جیل تو چھوٹی چیز ہے ہم جان کی قربانی دینے کو تیار ہیں، میں نے دنیا میں مختلف چیلنجز کا سامنا کیا ہے۔ بزدل انسان لیڈر نہیں بلکہ نواز شریف بن جاتا ہے۔ زنجیریں گرتی نہیں توڑنا پڑتی ہیں اور آزادی ملتی نہیں چھیننا پڑتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عمران خان نے یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب میں کہا کہ زیادہ دیر نہیں ہوگی میں جلد کال دینے والا ہوں۔ میں ان چوروں کیخلاف کھڑا ہوا ہوں۔ نواز شریف بیرمشکل وقت میں باہر چلا جاتا ہے، پاکستان میں جب تک کسی نے جرم نہ کیا ہو اسے بڑا عہدہ نہیں ملتا۔ ہر روز ایک کیس ختم ہو رہے ہیں، عوام مہنگائی میں ڈوب رہی ہے اور معیشت تباہ ہو رہی ہے۔ حکمران امریکہ جاکر بھیک مانگ رہے ہیں، بھیک بھیک دو ورنہ ہم مر جائیں گے۔ شرم نہیں خود

جاری نمبر 7 صفحہ 3 پر

مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر کا اختر مینگل سے بچوں کی وفات پر فاتحہ خوانی و تعزیت

خضدار (این این آئی) چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی کی خضدار آمد ان کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری بھی تھے۔ خضدار ایئرپورٹ پر رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن داؤد احمد بگٹی، ڈی آئی جی خضدار ارشاد پرویز

جاری نمبر 28 صفحہ 3 پر

حب شہر میں پیدا کردہ مصنوعی بحران گیس، پانی اور بجلی فراہمی سے حب شہری گھریلو صارفین اذیت میں مبتلا

حب (نمائندہ خصوصی) حب شہر میں پیدا کردہ مصنوعی بحران گیس، پانی اور بجلی فراہمی سے حب شہری گھریلو صارفین اذیت میں مبتلا۔ (بالا احکام فوری نوٹس لے حب شہریوں کا مطالبہ) تفصیلات کے مطابق: حب شہر اور گردونواح میں پیدا کردہ مصنوعی بحران کی وجہ سے پانی بجلی اور گیس عوام کیلئے نایاب ہوگیا ہے حب ڈیم پانی

جاری نمبر 35 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سینیٹر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ سیکرٹری صحت حفظ محمد ظاہر سے ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی حکومت کی غلط پالیسیوں کے خلاف سخت احتجاج کیا جائے گا، جمعیت بلوچستان

جمعیت علماء اسلام بلوچستان نے صوبے بھر میں کنونشن اور جلسوں کا انعقاد کردیا گیا، صوبائی بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی بیان میں کہا گیا ہے کہ اب صوبائی حکومت کی غلط پالیسیوں کے خلاف سخت احتجاج کیا جائے گا اور اس سلسلے میں جمعیت علماء اسلام نے صوبے بھر میں کنونشن اور جلسوں کا انعقاد کردیا گیا جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں اور عہدیداروں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ ان تمام تر جلسوں میں شرکت یقینی بنائیں اور آئندہ انتخابات میں جمعیت علماء اسلام بھرپور کامیابی حاصل کرے گی صوبائی بیان میں کہا گیا کہ جمعیت علماء اسلام کی صوبائی قیادت

جاری نمبر 27 صفحہ 3 پر

دستانے پہنے ہوئے ہاتھ ڈبل اور ڈھیل کروا رہے ہیں، شیخ رشید

شریف خاندان کے کنفرم کیسز میں بریت سے عمران خان کی کال کو ایندھن ملے گا

پوری امید ہے اس اتوار کے بعد عمران خان لانگ مارچ کی کال دے گا، سربراہ عوامی مسلم لیگ کا ٹویٹ

راولپنڈی (ٹی این ایم) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ دستانے پہنے ہوئے ہاتھ ڈبل اور ڈھیل کروا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق راجاؤں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری کردہ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آل شریف کی مٹی لانڈرنگ کے آگے انصاف بھی شرمندہ ہے، شریف خاندان کے کنفرم کیسز میں بریت کی وجہ سے عمران خان کی کال کو ایندھن ملے گا، پوری امید ہے اس اتوار کے بعد عمران خان لانگ مارچ کی کال دے گا، شیخ رشید نے کہا کہ میں نے عمران خان سے کہا ہے آ کر دیا پار، اب یا کبھی نہیں اور دیر نہ کرو کہیں کہ جب انصاف مرجاتا

جاری نمبر 9 صفحہ 3 پر

مردان: چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان مردان میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کبھی فلسطینیوں کو نہیں بھول سکتا، وزیراعظم

دنیا میں جب انقلاب آیا سب سے زیادہ طالب علموں نے حصہ لیا، حقیقی آزادی کو سیاست نہیں جہاد سمجھنا ہے

ایک مجرم کو سندھ کا گورنر بنا دیا گیا، نا انصافی کیخلاف آواز بلند کرنا جہاد ہے، چیئرمین تحریک انصاف کا تقریب سے خطاب

راولپنڈی (ٹی این ایم) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا ہے کہ جیل تو چھوٹی چیز ہے ہم جان کی قربانی دینے کو تیار ہیں، میں نے دنیا میں مختلف چیلنجز کا سامنا کیا ہے۔ بزدل انسان لیڈر نہیں بلکہ نواز شریف بن جاتا ہے۔ زنجیریں گرتی نہیں توڑنا پڑتی ہیں اور آزادی ملتی نہیں چھیننا پڑتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عمران خان نے یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب میں کہا کہ زیادہ دیر نہیں ہوگی میں جلد کال دینے والا ہوں۔ میں ان چوروں کیخلاف کھڑا ہوا ہوں۔ نواز شریف بیرمشکل وقت میں باہر چلا جاتا ہے، پاکستان میں

مفتی فلسطین اپنی وفات تک پاکستان میں رہے، ان کی دیکھ بھال پاکستان نے کی، صدر محمود عباس

ایمان و یقین کا حصہ ہے، فلسطینی صدر نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے، پاکستانی ہمارے بھائی اور بہنیں ہیں، پاکستانی ہمارے گھر کے لوگ ہیں، ہم نے ان کے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔ ہم پاکستان کو کبھی نہیں بھولیں گے، ایک سو سال سے ہم پاکستانیوں کو کبھی نہیں بھولے، مفتی فلسطین اپنی وفات

جاری نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، ڈی جی کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی

گوادر (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بمقام گوادر چیمبر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں پی سی ڈی اے محدود وسائل سے مختلف پروجیکٹس کے ذریعے بلوچستان کے ساحلی بیلٹ کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے ان میں ایکو ٹورازم پروجیکٹس، ایچ

جاری نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ہاتھ کی صفائی سے ایک شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (این این آئی) ہرنائی کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ لیویز حکام کے مطابق جمعرات کو ضلع ہرنائی کی تحصیل

جاری نمبر 12 صفحہ 3 پر

صوبائی محتسب بلوچستان کا ادارہ عوام کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی میں مصروف عمل ہے

کوئٹہ (ایچ این) صوبائی محتسب بلوچستان کا ادارہ عوام کو فوری اور مفت انصاف کی فراہمی میں مصروف عمل ہے لہذا اس ضمن

جاری نمبر 15 صفحہ 3 پر

ناقص حکمت عملی، عوام روزگار سے محروم ہوچکے، محمد فائق شاہ

کوئٹہ (این این آئی) امن ترقی پارٹی کے لیڈر میر محمد فائق شاہ نے کہا ہے کہ معاشی آزادی بہترین فیصلے کرنے کے

جاری نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، گوادر چیمبر خان

گوادر (ایچ این) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی بمقام گوادر چیمبر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان

جاری نمبر 14 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے تاجکستان کے صدر امام علی رحمن کی ملاقات

تجارت، توانائی اور زمینی و فضائی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو مضبوط بنانے کے لیے مل کر آگے بڑھیں گے، دونوں رہنماؤں کا عزم

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور تاجکستان نے تجارت، توانائی اور زمینی و فضائی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا جبکہ خطے میں امن و استحکام اور سلامتی کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے، اس امر پر اتفاق پچھلے CICA سربراہی اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور تاجک صدر امام علی رحمن کی ملاقات کے دوران کیا۔ وزیراعظم نے تاجک صدر کو پاکستان میں تباہ کن سیلابی صورتحال کے بعد حکومت کی جانب سے شروع کئے گئے بحالی کے کاموں کے بارے

جاری نمبر 21 صفحہ 3 پر

سینیٹر اعظم سواتی گرفتار، عدالت نے 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا

میں نے آئین اور قانون کی خلاف ورزی نہیں کی، مجھے ایف آئی اے نے گرفتار کیا

مجھے صرف ایک ٹویٹ کرنے پر گرفتار کیا گیا اور مجھ پر تشدد بھی کیا، پی ٹی آئی رہنما کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ٹی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر اعظم سواتی کو گرفتار کرکے سیشن کورٹ پیش کیا گیا جہاں عدالت نے ان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اعظم سواتی کو رات گئے ایف آئی اے ساہیوال نے گرفتار کیا اور آج صبح انہیں عدالت میں پیش کیا گیا جہاں ایف آئی اے کی جانب سے اعظم سواتی کے 7 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی تاہم سیشن کورٹ نے اعظم سواتی کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما کو پولیس کے حوالے کردیا، عدالت نے اعظم سواتی کا میڈیکل میں میڈیکل کرانے کا بھی حکم دیا، جس پر ایف آئی اے اعظم سواتی کو لے کر پمز ہسپتال پہنچ گئی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اعظم سواتی نے کہا کہ میں نے آئین اور قانون کی خلاف ورزی نہیں

جاری نمبر 8 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت نے امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ پاکستان اور پاکستانی عوام کو سودا کیا ہے، مولانا شیرانی

پاکستان سیاسی لیڈر کرائے کے عادی ہوچکے ہیں، مرکزی امیر جمعیت علماء اسلام پاکستان

نورانی (این این آئی) رابطہ جمعیت علماء اسلام پاکستان نورانی کے زیر اہتمام شیخ الہند کانفرنس رابطہ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر مولانا محمد خان شیرانی، صوبائی امیر مولانا عبدالمال

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

14 اکتوبر 2022ء

نیشنل گرڈ میں خلل، ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند

نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند ہوگئی جبکہ کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا، کیپ نیوکلیئر پلانٹ کی بجلی بھی سسٹم سے نکل گئی۔ نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث 6 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی بجلی بحال کرنے کیلئے آپریشن جاری ہے جبکہ وزارت توانائی فنی خرابی کی وجہ کی تفتیش کر رہی ہے۔ ترجمان کے الیکٹرک کے مطابق بریک ڈاؤن کے باعث کراچی کے 80 فیصد علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ شہر کے مختلف مقامات پر بجلی بند ہونے کی اطلاعات ہیں جس کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ ادھر وزارت توانائی کا بجلی بریک ڈاؤن پر کہنا ہے کہ ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن میں حادثاتی خرابی پیدا ہوئی، متعدد جوبی پاور پلانٹس مرحلہ وار ٹرپ ہو رہے ہیں۔ پاور پلانٹس ٹرپ ہونے سے ملک کے جنوبی حصے میں بجلی ترسیل میں رکاوٹ آ رہی ہے۔ وزارت توانائی پوری تندہی سے خرابی کی وجہ کی تفتیش کر رہی ہے۔ جلد از جلد بجلی کے نظام کو مکمل بحال کر لیا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ نیشنل گرڈ میں خلل کے باعث 6 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی، بجلی سسٹم سے نکلنے کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی غائب ہوگئی ہے۔

یا اللہ میں ٹرانس جینڈر بل کا باغی ہوں

تیسری جنس یعنی ہیجڑا پیدا ہونے والے بچوں کو معاشرے میں باعزت مقام دلانے کی آڑ میں ٹرانس جینڈر بل 2018ء اسمبلی اور سینیٹ سے منظور کروا کر کلمہ طیبہ کے نام پر بننے والے اسلامی جمہوریہ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کو کمزور کرنے اور وطن عزیز میں بسنے والے کروڑوں مسلمانوں کے منہ پر طمانچہ مارا گیا ہے۔ ٹرانس جینڈر بل بظاہر ہیجڑوں کو بھکاری پن سے بچانے اور ان کو بے حیائی سے بچانے کا نام دیا گیا ہے۔ حقیقت اس کے برعکس ہے پاکیزہ خاندانی نظام کے خلاف سازش ہے، مسلمانوں کی غیرت حمیت کے خاتمے کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ دلچسپ امر یہ ہے بل پاس ہو گیا، نافذ ہو گیا۔ گزشتہ حکومت اور موجودہ حکومت ایک دوسرے پر ذمہ داری ڈال کر جان چھڑوانے کی کوشش کر رہے ہیں، حالانکہ پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری نے 2004ء میں اپنے خطاب میں آنے والے حالات کی عکاسی کر دی تھی جنس پرستی، مردی مرد سے شادی، عورت کی عورت سے شادی کے قوانین کی بعض ممالک میں منظوری کی نشاندہی بھی کی تھی، میرے سمیت اہل پاکستان نے طاغوتی قوتوں کے ڈراموں کی صورت میں میرا جسم میری مرضی کے نعروں اور خواتین مارچ کے نام پر ہر سال نکلنے والے جلوسوں کی صورت میں دیکھ چکے ہیں، ٹی وی ڈراموں میں جس انداز میں طلاق کو مذاق بنایا گیا، نکاح کے بغیر طلاق شدہ بیوی کو ساتھ رکھ کر نکاح جیسے مقدس اور پاکیزہ عمل کا مذاق اڑایا گیا۔ اس سے کوئی انکار نہیں کیا جا سکتا۔

میں ڈاکٹر طاہر القادری کے 2004ء کے خطاب کے مختصر کلپ کو سن کر 18 سال میں ہونے والے واقعات کا جائزہ لے رہا تھا ایک ایک لفظ سچ ثابت ہوا ہے یہودی لابی اور اس کے ایجنٹوں نے مختلف انداز میں ہمارے معاشرتی نظام کے حسن کو تباہ کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا، پہلے پتہ پھینکا پھر ردعمل دیکھا اور پھر جب دیکھا معاشرہ آہستہ آہستہ دلدادہ ہو گیا ہے افراد زندہ لاشیں بن رہے ہیں پھر اپنا کام کیا۔ ایک تاثر جس کو معاشرے میں بڑی یکسوئی سے پھیلایا گیا برائی کو جب تک دیکھا نہیں جائے گا حقیقت کا ادراک کیسے ہو گا اسی چکر میں ہمارے الیکٹرانک میڈیا اور سوشل میڈیا نے کسی ایک فرد کی ایک غلطی کو اتنی بار دکھایا لوگوں نے ردعمل دینا ہی چھوڑ دیا۔ ٹرانس جینڈر بل 2018ء چھپی مکروہ اور سنجیدہ حرکت پر ردعمل دیر سے آنے کی بنیادی وجہ بھی یہی ہے بل اس وقت اسمبلی اور پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا جب سیاسی دنگل عروج پر تھا، سینیٹ کے آدھے ممبر فارغ ہو رہے تھے اس وقت شاہ سے زیادہ شاہ کے وفاداروں نے کام دکھایا اور خاموشی سے گھناؤنا کھیل کو منطقی انجام تک پہنچا دیا تاریخ پر نظر ڈالتے ہیں تو جنس پرستی کا شکار قوم کا جو عبرتناک انجام ہوا اس میں صرف جنس پرست اور بچوں سے بدفعلی کرنے والوں تک عذاب محدود نہیں رہا بلکہ جب جد الانبیاء اللہ کے محبوب پیغمبر حضرت لوط علیہ السلام جو حضرت ابراہیم علیہ اسلام کے بھتیجے تھے ان کے مہمانوں کو

میاں اشفاق انجم

بھی جنسی خواہش پوری کرنے کے لئے قوم نے نہ چھوڑا تو اللہ کے غضب کا کوڑا حرکت میں آیا تو لوط کی قوم کو زمین سے اٹھا کر اتنا زمین میں دھنسا دیا گیا اور پھر پتھروں کی بارش نشانے لے لے کر کی گئی، میں تاریخ پڑھ رہا تھا اور اپنی بے بسی پر آنسو بہاتے ہوئے اللہ سے معافی مانگ رہا ہوں اور اعلانیہ کہتا ہوں اے اللہ میرا اس ٹرانس جینڈر بل 2018ء سے کوئی تعلق نہیں ہے میں اس کا باغی ہوں، ہمارے سیاست دانوں پر بل پاس کر کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمودات کا مذاق اڑایا ہے اور تیرے مقدس دین میں دخل اندازی کرتے ہوئے جنس پرستی کی خرافات کو آئین کے نام پر دین میں شامل کرنے کی مذموم کوشش کی گئی ہے اس کی مذمت کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں، میں سوچ رہا تھا کہ کیا میں نے حق ادا کر دیا ہے، پھر دل سے آواز آئی ہرگز نہیں حق تو یہ ہے حق ادا نہیں ہوا۔ پاکستان کے اندر جو قانون بن رہا ہے کوئی مسلمان اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔ انسانیت کو اندھے کنوئیں میں بے دردی سے دھکیل دیا گیا ہے اس بل کی روح سے مرد اور خواتین کی طرف سے نادرا میں رجسٹریشن شروع ہو گئی ہے، کوئی بھی مرد نادرا کے دفتر میں جا کر اپنے آپ کو عورت رجسٹرڈ کروا سکتا ہے اسی طرح کوئی عورت نادرا دفتر میں مرد کی حیثیت سے رجسٹرڈ ہو سکتی ہے۔ نادرا مرد اور عورت کے مطالبے پر شناختی کارڈ جاری کرنے کا پابند ہے، افسوسناک پہلو یہ ہے جنس تبدیل کرانے کے لئے کسی طبی معائنہ یا سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے تازہ ترین اطلاع کے مطابق اسمبلی اور پارلیمنٹ میں پیش ہونے کے باوجود ابھی تک قانون نہیں بن سکا ہے۔ ہیجڑوں کی طرف سے ملک بھر میں صرف 30 درخواستیں نادرا کے دفتر میں آئیں جبکہ نئی دنیا کے 30 ہزار سے زائد نوجوان مرد خواتین نے جنس کی تبدیلی اور نادرا میں نئی رجسٹریشن کی درخواست دے دی ہیں۔

ٹرانس جینڈر: اختلاف کیا، کیوں اور کیسے؟

سوشل میڈیا پر ایک خواجہ سرا/ٹرانس جینڈر کا ویڈیو کلپ وائرل ہے۔ اس میں صاحب/ایپی نے نرم لہجے اور شائستہ انداز میں اپنی آرا کا اظہار کیا ہے۔ یہ بہت اچھی بات ہے، مکالمہ اسی انداز میں ہونا چاہیے۔ نرمی سے بولے گئے اس کلپ میں مگر کچھ باتیں خلاف واقعہ، بعض کمزور اور دو تین سے اتفاق ہے۔

یہ ضروری ہے کہ جوابی طور پر پورا مقدمہ مختصر نکات میں سامنے رکھا جائے۔ اس بلاگ میں ممتاز ماہر قانون اور استاد ڈاکٹر مشتاق خان کی تحقیق اور تجزیوں سے استفادہ کیا گیا، اللہ انہیں اور ان کے ہم نام سینیٹر مشتاق احمد خان کو جزائے خیر دے، آمین۔

خواجہ سرا کا مخالف کوئی نہیں

سب سے پہلے یہ کہ خواجہ سراؤں سے کسی کو کوئی اختلاف نہیں۔ اس پر اتفاق رائے ہے کہ خواجہ سرا کمیونٹی کے ساتھ ماضی میں زیادتیاں ہوئیں۔ ان کے لئے بہت سے اچھے اقدامات کرنے چاہئیں۔ شناخت کا مسئلہ، صحت، تعلیم، ہنر کی تربیت وغیرہ، وراثت کے ایشوز، جان مال کا تحفظ، ملازمت وغیرہ۔۔۔ یہ سب ہونی چاہئیں۔ ہم اس سب کی حمایت کرتے ہیں۔ ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء میں اس حوالے سے بعض اچھے اقدامات تجویز کئے گئے، ان سب پر عمل درآمد ہونا چاہیے، کوئی اس کا مخالف نہیں۔ میں تو اس کے بھی حق میں ہوں کہ خواجہ سراؤں کے قتل کے کیسز اندسداد دہشت گردی عدالت میں چلا کر قاتلوں کو عبرتناک اور فوری سزائیں دیں۔

اس ویڈیو میں خواجہ سراؤں کی مشکلات اور مصائب کا ذکر کر کے جذباتی ہمدردی لینے کی کوشش کی گئی۔ اسے اگر ایموشنل بلیک میلنگ نہ کہا جائے تو ایموشنل وار ضرور کہیں گے۔ خواجہ سرا سے ہمیں ہمدردی ہے، ان کے مسائل حل ہونے چاہئیں۔ اس میں اختلاف ہے ہی نہیں۔ مخالفت کون کر رہا ہے؟ کوئی مذہبی جماعت، گروہ اس کا مخالف نہیں۔

مسئلہ ٹرانس جینڈر کی تشریح کا ہے

اختلاف خواجہ سرا سے نہیں بلکہ ٹرانس جینڈر اور ٹرانس جینڈر کی تعریف و تشریح سے ہے۔ خواجہ سرا پیدائشی ڈس آرڈر والے لوگ ہیں، صدیوں سے یہ کمیونٹی یہاں موجود ہے، اس کا تاریخی پس منظر ہے۔ ٹرانس جینڈر نئی وبا کہہ لیں، فتنہ یا نیا مسئلہ، جو دل چاہے سمجھ لیں۔

مغرب میں ٹرانس جینڈر ایک ایسی وسیع

عامر خاکوانی

(امبریلا) تعریف ہے جس میں کوئی بھی شامل ہو سکتا ہے۔ ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء کے مطابق ہر شخص جو بھی سیلف پرسیوڈ جینڈر آئیڈنٹٹی Self Percieved Gender Identity یعنی اپنے ذہن میں خود کو کچھ بھی تصور کرے، نادرا اور باقی تمام سرکاری محکموں کو بلا چوں چرا، کسی سوال کے بغیر اسی شناخت کو درج کر لینا چاہیے۔ یہ شرعی، اخلاقی، آئینی اور ہماری تہذیبی روایات کے مطابق ہر اعتبار سے غلط ہے۔

ایکٹ بنیاد ہے، رولز ثانوی

ٹرانس جینڈر ایکٹ بڑی ہوشیاری سے ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء پر بات کرنے کے بجائے اس ایکٹ یعنی قانون کے تحت بنائے جانے والے رولز (قواعد) 2020ء کی بات چھیڑ دیتے ہیں کہ اس رولز کے تحت نادرا کسی ٹرانس جینڈر کا جینڈر نہیں تبدیل کر سکتا وغیرہ وغیرہ۔ ان کا مقصد یہ ظاہر کرنا ہے کہ اس حوالے سے موجود خطرات اور اندیشے غلط اور غیر حقیقی ہیں۔ بات یہ نہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ اصل بنیاد ٹرانس جینڈر ایکٹ ہے۔ رولز تو کبھی بھی تبدیل ہو سکتے ہیں۔ آج نہیں تو کل نئے رولز بن جائیں گے۔ اس لئے ہمارا ہدف رولز (Rules) نہیں بلکہ ایکٹ ہے۔ جب تک ٹرانس جینڈر ایکٹ 2018ء میں ترمیم نہیں ہوتی، تب تک رولز میں تبدیلی کا خطرہ برقرار رہے گا۔ دوسرا رولز کے مطابق بھی موجودہ ٹرانس جینڈر کو اپنا نیا شناختی کارڈ بناتے ہوئے مرد یا عورت کے بجائے ایکس صنف الاٹ کی جاتی ہے، تاہم پہلی بار کارڈ بنانے والے ٹرانس جینڈر کی جنس/صنف وہی ہوگی جو وہ بتائے گا۔

یعنی اگر ایک لڑکا پہلی بار شناختی کارڈ بنواتے ہوئے جسمانی طور پر مکمل ہوتے ہوئے بھی خود کو لڑکی یعنی ٹیمیل بتائے گا تو نادرا کے عملہ کی مجال نہیں کہ وہ کوئی سوال پوچھے، چپ کر کے انہیں لڑکی لکھنا پڑے گا۔ یہ خطرناک اور تباہ کن چیز آج بھی موجود ہے۔

میڈیکل ٹیسٹ کیوں ضروری

ڈاکٹر معیز ہو یا دیگر ٹرانس جینڈر ایکٹوسٹ، ان سب کو تکلیف میڈیکل چیک اپ کی شرط عائد کرنے سے ہے۔ حالانکہ یہ نہایت فطری بات ہے۔ اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ میری جنس وہ نہیں جو بظاہر لگ رہی ہے تو ظاہر ہے اس کا میڈیکل چیک اپ ہونا چاہیے تاکہ یہ مسئلہ کلیئر ہو۔ یہ دلیل ہی نہایت بودی اور کمزور ہے کہ ڈاکٹر کے سامنے بے پردگی ہوگی۔ کیا ہم علاج کرانے انہی ڈاکٹرز کے پاس نہیں جاتے؟ خدانخواستہ کسی کو ران پر پھوڑا نکلے یا جانگھ پر کوئی پھنسی، ریش، زخم ہو جائے تو ڈاکٹر کو نہیں دکھائیں گے؟ تب بے پردگی نہیں ہوگی؟ ٹرانس جینڈر کے میڈیکل چیک اپ کے لئے یہ بھی تجویز کیا گیا کہ ایک مرد اور ایک خاتون ڈاکٹر ہو تاکہ کسی قسم کا مسئلہ نہ پیدا ہو اور وہ کمفرٹیبل بھی رہے۔

ہمارا میڈیکل ٹیسٹ کیوں نہیں؟ (جاری ہے)

ٹرانس جینڈر ایکٹ کا پوسٹ مارٹم

کافی دنوں سے ٹرانس جینڈر ایکٹ کے حوالے سے مین سٹریم میڈیا خصوصاً سوشل میڈیا پر بحث و مباحثوں کا ایک نہ تھمنے والا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اس حوالے سے بل کے مخالف اور حمایتی اپنے اپنے موقف کے حق میں دلائل کے انبار لگا رہے ہیں لیکن افسوس کہ دونوں اطراف کے دلائل میں توازن اور انصاف دکھائی نہیں دے رہا خصوصاً اس بل کے حق میں تحریک چلانے والے تو بس یہ چاہتے ہیں کہ کسی بھی طرح سے مذکورہ بل فوراً سے پہلے اسی شکل میں نافذ کر دیا جائے گویا کہ جا کر راقم نے سات ابواب پر مشتمل اس ٹرانس جینڈر ایکٹ کا جب مطالعہ کیا تو معاملے کی حساسیت کا اندازہ ہوا اس بات میں کوئی شک نہیں کہ کسی بھی معاشرے میں خصوصاً پاکستان جیسے سماجی لحاظ سے بوسیدہ اور بیمار معاشرے میں خواجہ سراؤں کی حالت زار کی لحاظ سے جانوروں سے بھی بدتر ہے کہ ہر کوئی ان کو اپنے مذاق کا نشانہ بنانا اپنا فرض سمجھتا ہے یہ ہمارے روزمرہ مشاہدہ کی بات ہے کہ ہم نے جب اپنے مخاطب یا مخالف کی تذلیل کرنی ہوتی ہے تو اسے ہم کھسرا یا خواجہ سرا کا لقب دے دیتے ہیں گویا ہم نے اس لفظ کو سماجی لحاظ سے ایک گالی بنا دیا ہے جن والدین کے گھر میں بدقسمتی سے ایسا بچہ پیدا ہو جائے وہ والدین اپنے ہی بچے کو گھر سے نکال دیتے ہیں اسے خواجہ سرا کے گروہ کے پاس چھوڑ آتے ہیں۔ میں ہمیشہ یہ سوچ کر لرز جاتا ہوں کہ وہ والدین کس قدر ظالم اور سنگ دل ہوں گے جو محض معاشرتی طعن و تشنیع سے بچنے کے لئے اپنے جگر گوشوں کو اپنے سے دور کر کے انہیں ایسے ماحول میں دھکیل دیتے ہیں جہاں ان کی زندگی میں قدم قدم پر اندھیرے ہی اندھیرے لکھے ہوتے ہیں۔ گزشتہ دنوں کراچی کی ایک خواجہ سرا ڈاکٹر سارہ کا ٹی وی پر انٹرویو سن کر بے اختیار آنکھیں بھر آئیں جب انہوں نے بتایا کہ دس بارہ سال کی عمر میں ہی ان کے اپنے والدین نے انہیں خواجہ سرا ہونے کی وجہ سے گھر سے نکال دیا تھا یقیناً ہمارے سماج کا خواجہ سراؤں کے حوالے سے یہ رویہ نہ صرف یہ کہ قابل مذمت ہے بلکہ ظلم عظیم اور قبیح جرم کے مترادف ہے۔

بات یہ ہے کہ جو بچہ پیدائشی طور پر خواجہ سرا پیدا ہوا ہے اس میں اس کی اپنی تو کوئی غلطی نہیں ہے نا تو پھر اسے گھر سے نکالنے، اس سے چھت چھیننے، اسے ممتا کی آغوش سے محروم کرنے کی سزا کیوں دی جا رہی ہے اسی طرح کسی ٹی وی پروگرام میں ہی ایک خواجہ سرا نے بتایا کہ اسے بچپن میں گھر سے بے دخل کر دیا گیا اور پھر تقریباً بیس سال کے بعد جب وہ ایک شادی کے فنکشن میں ناچ رہا تھا تو اچانک اس نے اپنی ماں کو وہاں دیکھا جو اس دولہا کی ماں تھی جس کی شادی پر وہ ناچ رہا تھا یعنی وہ دولہا اس خواجہ سرا کا بھائی تھا ماں نے تو اسے نہ پہچانا لیکن وہ بدنصیب بے چارہ برسوں بعد اپنی ماں اور بھائی کو پہچان گیا اور دھاڑیں مار کر روتا ہوا وہاں سے چلا گیا۔

یہ دو واقعات یہ بتانے کے لیے کافی ہیں کہ ہم خواجہ سراؤں کے حوالے سے کس قدر بے حس اور ظالم واقع ہوئے ہیں جہاں تک مذکورہ ٹرانس جینڈر بل کا تعلق ہے تو اس کے ذریعے خواجہ سراؤں کو بہت سے ایسے حقوق دینے کی ضمانت دی گئی ہے جو اس سے پہلے ان کو حاصل نہیں تھے مثلاً اس ایکٹ کے تحت انہیں تعلیم کے حصول جائیدادوں کی خرید و فروخت کے حقوق ڈرائیونگ لائسنس پاسپورٹ شناختی کارڈ کے حصول سمیت بہت سے حقوق دے دیے گئے جو کہ قابل ستائش بات ہے اسی طرح ملازمتوں میں خواجہ سراؤں کا تین فیصد کوٹہ بھی متعین کر دیا گیا ہے چھوٹے قرضوں کی فراہمی اور فنی تعلیم کے حصول

شہریار احمد خان

کے حوالے سے بھی خواجہ سراؤں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کی بات کی گئی ہے میڈیکل انشورنس کا حصول ووٹ ڈالنے کا حق اور لازمی اور مفت تعلیم کا حصول یہ وہ سب کام ہیں جو بہت پہلے ہو جانا چاہئیں تھے لیکن جہاں اس بل میں مذکورہ بالا اچھائیاں ہیں وہاں اس کے پہلے باب کی شق نمبر 2 کی ذیلی شق (N) میں ٹرانس جینڈر کی تعریف کے حوالے سے ایک لفظ any person" " کا جو اضافہ کیا گیا اس نے اس سارے احسن عمل کو داغدار کر دیا ہے۔ اس شق کے تحت قرار دیا گیا ہے کہ ٹرانس جینڈر کوئی ایسا شخص بھی ہو سکتا ہے جو محض اپنے باطنی یعنی داخلی احساس کی بنا پر زندگی میں کسی بھی وقت اپنی جنس میں تبدیلی چاہے یعنی کوئی بھی مرد اگرچہ طبی طور پر بھرپور مرد ہو لیکن زندگی میں کبھی بھی وہ اگر یہ محسوس کرے کہ وہ عورت ہے تو قانوناً اس کو عورت مان لیا جائے۔ اسی طرح کوئی عورت محض اپنے باطنی احساسات کی بنا پر جب چاہے عورت ہوتے ہوئے بھی خود کو مرد ڈکلیئر کر سکتی ہے ظاہر ہے کہ اگر اس بات کی اجازت دے دی گئی تو سماج کا تار و پود بکھر جائے گا ہر شخص اپنے داخلی احساس کی بنا پر بغیر کسی طبی معائنے کے خود کو عورت اور کبھی مرد قرار دینے میں آزاد ہوگا جس کا لامحالہ اثر کئی قوانین پر بھی پڑے گا مثلاً ایک عورت اگر محض اپنے داخلی احساس کی بنا پر یہ کہہ دے کہ اسے آج سے مرد مانا جائے تو ظاہر ہے کہ وراثت میں بھی اس کا حصہ وہ تصور ہوگا جو کہ مرد کا یعنی اس کے بھائی کا ہے اسی طرح کوئی مرد محض اپنے باطنی احساس کی بنا پر خود کو عورت قرار دلوا کر خواتین کی محفلوں میں جا کر کیا کیا گل نہیں کھلائے گا؟ سب سے اہم بات یہ کہ اگر محض داخلی احساس کی بنا پر ہم اپنی جنس تبدیل کر سکتے ہیں تو ان لوگوں کے دعوں کا کیا بنے گا جو محض اپنے باطنی احساس کی وجہ سے خود کو نعوذ باللہ نبی ڈکلیئر کر لیتے ہیں یا خود کو قطب اور ابدال قرار دے دیتے ہیں؟ دراصل اس قسم کی متنازعہ شق بل میں ڈالنے کا مطلب تو یہ ہوا کہ معاشرہ مادر پدر آزاد ہو جائے اگر محض فرد کے داخلی احساس کو ہی حرف آخر مان لیں تو پھر یاد رکھیے کہ دنیا میں ایسے کئی افراد بھی موجود ہیں جو انسان ہوتے ہوئے خود کو جانور تصور کرتے ہیں ان لوگوں نے اپنا ایک باضابطہ گروہ بھی بنا رکھا ہے ان کی اپنی ایک ویب سائٹ ہے یہ خود کو "Other Kin" کے نام سے پکارتے ہیں راقم نے خود جب اس گروہ کے بارے میں گذشتہ دو دن میں تحقیق کی تو پتہ چلا کہ مغربی اور بعض عرب ممالک میں دس ہزار سے زائد افراد انسان ہوتے ہوئے بھی خود کو کتا تصور کرتے ہیں بے شمار خواتین خود کو بلی تصور کرتی ہیں یہ افراد اپنے تصور کے مطابق اسی جانور کی طرح حرکتیں کرتے ہیں۔ اب ذرا سوچئے کہ کیا ہمارا ایسے انسانوں کو بطور جانور یعنی کتا بلی کے طور پر رجسٹر کر سکتا ہے یقیناً ہرگز نہیں۔

اس بحث کا مطلب ہے کہ محض داخلی احساس کی بنا پر کسی فرد کی شناخت میں جوہری تبدیلی کو دنیا کا کوئی قانون نہیں مان سکتا اسی طرح اس ٹرانس جینڈر ایکٹ میں ایک بڑی کمی یہ ہے کہ اس میں ایک شق کا اضافہ کیا جائے جس کے تحت پیدائشی طور پر خواجہ سراؤں کو گھر سے نکالنے کے عمل کو قابل دست اندازی پولیس جرم قرار دیا جائے بلکہ اس کو سماج کے خلاف ریاست کے خلاف اور سب سے بڑی بڑھ کر مذہب کے خلاف ایک جرم تصور کیا جائے کیونکہ کسی بچے کو محض اس وجہ سے گھر سے نکالنا کہ وہ خواجہ سرا پیدا ہوا ہے اللہ پاک کی مرضی اور منشاء کے خلاف اعلان جنگ کے مترادف ہے، کیونکہ کوئی بھی بچہ اپنی مرضی سے اپنی جنس کا انتخاب نہیں کرتا محض اس وجہ سے اس کو اس کے اپنے ہی گھر سے نکالنا ظلم نہیں ہے؟ ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارے مہربان ڈاکٹر امجد ثاقب صاحب جو کہ خواجہ سراؤں کی فلاح و بہبود کے لیے بے پناہ کام کر رہے ہیں اس ضمن میں قانون سازی کے لیے اپنا اثر و رسوخ ضرور استعمال کریں گے تاکہ برسوں سے جاری یہ ظلم ختم کیا جا سکے۔

جامعہ پنجاب نعت چیئر سے محروم کیوں؟

نعت ایک باقاعدہ فن اور علم کا درجہ رکھتی ہے جس کو جامعاتی سطح پر تسلیم کرنا وقت کی اہم ضرورت بنتا جا رہا ہے، اس کا شوق رکھنے والی موجودہ اور آئندہ نسلوں کو اسے محض حسن عقیدت و حسن صوت کے مظاہرے سے آگے بڑھ کر بطور علم اختیار کرنا ہوگا۔ حکومتی سطح پر اس کی اہمیت و افادیت کو دیکھتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل اختیار کرنے کی ضرورت ہے جس سے اس کی ترویج و تربیت کا ایک پورا نظام ترتیب دیا جا سکے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھیں تو اس کی اہمیت سے کسی طور صرف نظر نہیں کیا جا سکتا کہ خود رسالت مآبؐ نے اپنے اصحاب میں سے حضرت حسان بن ثابتؓ کا ان کی شعری استعداد اور صلاحیت کو دیکھتے ہوئے انتخاب فرمایا اور انہیں اس کی باقاعدہ ذمہ داری تفویض فرماتے ہوئے ان کے لیے تائید جبرئیل اور برکت کی دعا فرمائی۔ یہ سلسلہ زبان و بیان اور زمانی و مکانی سرحدوں سے ماورا ہو کر آج تک جاری و ساری ہے اور عہد موجود میں نعت کی تخلیق اور ترویج ایک خود رو پودے کی طرح فروغ تر ہوتی جا رہی ہے اس کے لیے حکومتی سرپرستی اور جامعاتی توجہ کی کیوں ضرورت ہے، ہمیں دیکھنا ہوگا کہ کیا یہ محض عقیدت و وارفتگی اور شوق فراواں تک ہی محدود ہے یا غیر محسوس طریقے سے ارض وطن کے اہم ترین اداروں اور قومی تقریبات کا بھی لازمی حصہ بن چکی ہے۔ سب سے پہلے یہ جاننا بہت اہم ہوگا کہ قومی اسمبلی میں اس کے لیے باقاعدہ قانون پاس ہو چکا ہے اور ہر اجلاس میں نعت پیش کی جاتی ہے جو قومی سطح پر اس کی اہمیت کا واضح ثبوت ہے۔ اس کے بعد پنجاب اسمبلی میں بھی بھاری اکثریت سے قرارداد منظور ہونے کے بعد یہاں بھی نعت پیش کیا جانا قانونی طور پر جاری ہے۔ قومی و صوبائی سطح پر پرچم کشائی کی ہونے والی سب سے بڑی سرکاری تقریبات میں بھی نعت پیش کیا جانا عرصہ دراز سے لازم و ملزوم ہے۔ مزید آگے بڑھیں تو حکومت پاکستان نعت خوانی میں نمایاں خدمات سرانجام دینے والوں کو قومی سول ایوارڈز سے بھی نوازتی ہے۔ قومی و صوبائی سیرت کانفرنسز مدح رسالت مآبؐ کے بغیر مکمل ہی نہیں ہوتیں۔ حکومت پاکستان کی طرف سے ضلعی، صوبائی اور قومی سطح پر نعتیہ مقابلہ جات کا انعقاد بھی ایک عرصے سے تواتر کے ساتھ ہو رہا ہے جس میں ملک کے طول و عرض سے نعت خوان بچے اور بچیاں حصہ لیتے ہیں۔ تمام بڑے سرکاری تعلیمی اداروں میں نعت کی سیٹ مختص ہے جہاں اس فن میں کمال رکھنے والے نوجوانوں کو

سرور حسین

نعت کی بنیاد پر داخلہ دیا جاتا ہے۔ قومی نشریاتی اداروں پر نعت کی گونج دہائیوں سے سنائی دے رہی ہے۔ اس میں اگر پرائیوٹ میڈیا پر ہونے والے مقابلہ جات، نعت کے فروغ اور اس کے اثرات اور شہر شہر گاؤں گاؤں قریہ قریہ ہونے والی محافل نعت کا ذکر چھیڑا جائے تو اس کے لیے دفتر درکار ہیں۔ الیکٹرانک اور سوشل میڈیا پر نعت سے محبت کرنے والوں کی تعداد کسی بھی طور دوسرے شعبہ جات سے کم نہیں۔

نعت پڑھنے والوں سے محبت کی بات کی جائے تو الگ الگ دبستان وابستگان نعت کا ذکر چھڑ جائے گا۔ پاکستان میں نعت کے شعبے سے تعلق رکھنے والوں کی بین الاقوامی شناخت بھی الگ سے ایک باب ہے جہاں وہ ملکوں ملکوں وطن عزیز کی نمائندگی کرتے ہوئے عشق رسالت مآبؐ کے چراغ عرصہ دراز سے روشن کرتے چلے جا رہے ہیں۔ نعتیہ شاعری کی بات کریں تو وزارت مذہبی امور صوبائی و قومی سطح پر بہترین نعتیہ شاعری پر ہر سال انعامات کا اعلان کرتی ہے۔ قومی میڈیا پر نعتیہ مشاعروں کا انعقاد بھی ایک توانا روایت کے طور پر طویل عرصے سے جاری و ساری ہے۔ نعتیہ کتب کے چھپنے کی تعداد کسی بھی دوسری شعری صنف سے کم نہیں ہے۔ اس سے آگے بڑھیں تو جامعات میں نعت کے مختلف موضوعات پر ایم۔ فل اور پی ایچ۔ ڈی کی سطح کے تحقیقی مقالہ جات لکھنے والوں کی تعداد میں بھی دن بدن خاطر خواہ اضافہ ہو رہا ہے۔ یعنی نعت اب علمی و تحقیقی سطح پر وسیع تناظر میں دیکھی جانے لگی ہے۔ نعت کی قومی سطح پر اہمیت کے اس مختصر سے جائزے کے بعد آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ اس اہم ترین فن کے فروغ اور تربیت کے لیے نہ تو حکومتی سرپرستی میں آج تک کوئی ادارہ قائم کیا جا سکا اور نہ ہی اس کی علمی ضرورت اور اہمیت کو دیکھتے ہوئے جامعاتی سطح پر کوئی عملی قدم اٹھایا جا سکا۔ اتنے اہم ترین قومی فورم پر نعت اپنی انفرادی صلاحیت اور اپنی مدد آپ کے تحت ہی آگے بڑھ رہی ہے جسے اب قومی دھارے میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ جامعہ پنجاب صوبے کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے جہاں بیسیوں شعبہ ہائے علم و فن اور بہت سی چیئرز بھی کام کر رہی ہیں۔ آپ کو شاید حیرت ہو کہ یہاں میوزک کا ایک باقاعدہ شعبہ بھی موجود ہے جسے بطور تعلیم پڑھایا جاتا ہے جو محض پرفارمنگ آرٹ ہے اور اس کی نمائندگی ان قومی فورمز پر اس سطح کی نہیں جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ ربیع الاول کے مبارک موقع پر جامعہ پنجاب کو اپنی ذمہ داری اور بڑے پن کا مظاہرہ کرتے ہوئے ابتدائی طور پر نعت چیئر کے قیام کا اعلان کرنا چاہیے جسے بعد ازاں باقاعدہ شعبے کی شکل بھی دی جائے جو آنے والی نسلوں کے نعت کو بطور فن اختیار کرنے کا راستہ ہموار کر سکے۔ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور دیگر تعلیمی اداروں میں جہاں سیرت چیئرز موجود ہیں انہیں بھی اس کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے نعت چیئرز کا قیام عمل میں لانا چاہیے۔ اس حوالے سے گورنر اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی توجہ درکار ہے۔ نعت ماضی کی تاریخی حقیقت، عہد موجود کی علمی و فنی ضرورت اور آئندہ نسلوں کی ذہنی تعمیر اور فکری طہارت کی علامت ہے۔ اسے اس کا حق دیجیے۔

ڈار، ڈالر اور مہنگائی، کیا سیاسی محاذ آرائی میں ریلیف ممکن!

وزیر خزانہ محمد اسحاق ڈار جب سے واپس آئے ہیں، روپے کی قدر میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے، وہ کہتے ہیں کہ ڈالر اور روپے کی شرح تبادلہ 200 روپے سے نیچے ہے اور ان شاء اللہ یہی ہوگا۔ یہ بات اس لئے درست لگتی ہے کہ اب تک ڈالر کے مقابلے میں روپیہ تگڑا ہوتا جا رہا اور قریباً 20 سے 22 روپے تک ڈالر کی قدر میں کمی ہوئی ہے، تاہم فلسفیانہ انداز سے تو یہ بات بھلی لگتی ہے کہ ڈالر کی قدر میں کمی کے ساتھ ہی قرضوں کے بوجھ میں بھی فرق آتا ہے اور روپوں میں یہ کمی سو اب روپے ہوتا ہے، عوام تو حقائق کی دنیا میں رہتے ہیں، ان کو اب تک ڈالر کے نرخ کم ہونے کا کوئی فائدہ نہیں ہوا، حتیٰ کہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی بھی ہوا ہی میں رہی، اگرچہ موٹر سائیکل سواروں اور چھوٹی گاڑیوں

شال بقیہ 1

ہے۔ ڈیسپس بانگ سوسائٹی اور پی ای سی ایچ سوسائٹی سمیت دیگر علاقوں میں بھی بجلی بند ہے۔ لیاقت آباد کی ون ایریا، فیڈرل بی ایریا بلاک 13، 12، 11، ناظم آباد بلاک چار اور تین میں بھی بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ کھارادر، لیاری، اولڈ سٹی ایریا، بلیئر بات اور دفاع عام میں بھی بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ سٹی کورٹس اور احتساب عدالتوں میں بھی بجلی بند ہے جبکہ شورکوٹ اور فیصل آباد میں بھی بجلی بند ہے۔ ترجمان کے الیکٹرک کے مطابق بریک ڈاؤن کے باعث کراچی کے 80 فیصد علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ شہر کے مختلف مقامات پر بجلی بند ہونے کی اطلاعات ہیں جس کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ ادھر وزارت توانائی کا بجلی بریک ڈاؤن پر کہنا ہے کہ ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن میں حادثاتی خرابی پیدا ہوئی، متعدد جنوبی پاور پلانٹس مرحلہ وار ٹرپ ہو رہے ہیں۔ پاور پلانٹس ٹرپ ہونے سے ملک کے جنوبی حصے میں بجلی ترسیل میں رکاوٹ آرہی ہے۔ وزارت توانائی پوری تندہی سے خرابی کی وجہ کی تحقیق کر رہی ہے۔ جلد از جلد بجلی کے نظام کو مکمل بحال کر لیا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ گیٹسن گرڈ میں فلٹ کے باعث 6 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی غائب ہوگئی ہے۔

شال بقیہ 2

نے کہا کہ ہم بھارت کے ساتھ بہتر تعلقات چاہتے ہیں لیکن اس کا انحصار بھارت پر ہے، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم ختم ہونے تک امن قائم نہیں ہوگا، بھارت جمہوریت کا دعویدار ہونے کے باوجود مقبوضہ کشمیر میں فوجی طاقت کا بے دریغ استعمال کر رہا ہے، بھارت نے مقبوضہ وادی کے عوام کو ان کے حق خود ارادیت سے محروم کر رکھا ہے اور گزشتہ 7 دہائیوں سے جبر کے ذریعے مقبوضہ کشمیر کے عوام کی آواز دبانے کی کوشش کر رہا ہے۔ 7 دہائیوں سے بھارت کشمیر کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں کو نظر انداز کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت اپنی اقلیتوں، ہمسایہ ممالک، خطے اور خود اپنے لیے ایک خطرہ بن چکا ہے، اس کے باوجود ہم بھارت سے بات چیت کے لیے تیار ہیں کیوں کہ ہم خطے میں مزید غربت، بے روزگاری کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کو صحت، تعلیم اور روزگار فراہم کرنے کیلئے زیادہ وسائل مختص کرنے کی ضرورت ہے، ہم بھارت کے ساتھ بات چیت کیلئے تیار ہیں لیکن سنجیدہ، بامعنی اور نتیجہ خیز مذاکرات کے لیے بھارت کو اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 3

عبدالمالک بلوچ اور جنرل سیکرٹری جان محمد بلیدی نے کوئٹہ میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم صادق سمالانی کی رہائشگاہ پر ان سے تفصیلی ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقائی اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیشنل پارٹی کے قیادت کے اعزاز میں پرتکلف ٹی پارٹی کا بھی اہتمام کیا تھا۔ سیاسی اور علاقائی صورتحال سمیت دلچسپی کے دیگر موضوعات بھی زیر بحث رہے۔ مرکزی صدر نے پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم صادق سمالانی کو باقاعدہ نیشنل پارٹی میں دوبارہ شمولیت کی دعوت دی۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم صادق سمالانی نے پارٹی میں شمولیت کی دعوت پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور پارٹی کے مرکزی قیادت کا شکریہ ادا کیا اور پارٹی میں شمولیت کی آمادگی ظاہر کی پروفیسر ڈاکٹر عبدالحکیم صادق سمالانی نے کہا کہ ہماری سوچ میں کوئی فرق نہیں ہم عوام کی خدمت اور سیاست پر یقین رکھتے ہیں اور عوام کی خدمت کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ وہ اپنے لوگوں اور ہم خیال سیاسی دوستوں سے مشورہ کرنے کے بعد نیشنل پارٹی کی قیادت کو اپنے فیصلے سے آگاہ کریں گے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، یونس بلوچ، عطاء محمد بلوچ، اور دیگر ساتھی موجود تھے۔

شال بقیہ 4

ہیں اس حوالے سے باہمی تعاون کا دائرہ کار بڑھایا جائے، بلاول بھٹو نے ہدایت کی کہ مالدیپ کے ساتھ تجارتی تعلقات میں اضافے اور سیاحت میں فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ دریں اثناء وزیر خارجہ سے ملک شام میں پاکستان کے ناظر سفیر ایئر مارشل ریٹائرڈ شاہد اختر نے ملاقات کی، وزیر خارجہ نے ہدایت کی کہ ملک شام سے تجارتی اور تعلیمی میدان میں باہمی تعاون کے نئے راستے تلاش کئے جائیں ملک شام کی تعمیر نو میں پاکستان کے کردار کے تسلسل کو جاری رکھنے میں اپنی کاوشوں کو بروئے کار لایا جائے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ملک شام جانے والے پاکستانی زائرین کو ہر ممکن سہولیات مہیا کرنے کیلئے موثر کردار ادا کیا جائے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ شام اور پاکستان گہرے تاریخی، ثقافتی اور مذہبی رشتے میں بندھے ہوئے ہیں۔ ایک اور ملاقات میں بلاول بھٹو نے سوئٹزرلینڈ کی جانب سے گیورک سنائیڈر کی بطور سفیر پاکستان میں تعیناتی پر انہیں خوش آمدید کہا اور سوئٹزرلینڈ کی جانب سے پاکستان میں سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے امداد پر شکریہ بھی ادا کیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ امید کرتا ہوں کہ پاک سوئس تجارتی، ثقافتی و سیاحتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں نئے سفیر اپنا کردار ادا کریں گے۔

شال بقیہ 5

تک پاکستان میں رہے، ان کی دیگر بحال پاکستان نے کی، قیام پاکستان سے پہلے سے ہم پاکستانیوں کے ساتھ ہیں، اس پر شہباز شریف نے کہا کہ سیلاب کے دوران آپ کی مدد کے لئے بے حد شکر گزار ہوں، ایمانداری کہیں، فلسطین نے سیلاب زدگان کی جس طرح مدد کی، بھول نہیں سکتے، پاکستان بھی فلسطینیوں کو بھول نہیں سکتا، آپ کی کامیابی تک پاکستان آپ کے حق کے لئے آواز بلند کرتا رہے گا۔ فلسطین ہمارے ایمان و یقین کا حصہ ہے، فلسطین ہمارے دل میں ہے، آج کی کانفرنس میں پاکستان کی حمایت کرنے والے رہنماؤں میں آپ شامل ہیں، آپ کی حمایت اور جذبے پر دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بھارت سمیت تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کے قیام کی خواہش کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان خطے کے امن اور سرحد کے دونوں اطراف میں بسنے والے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بھارت کے ساتھ باعتماد اور باعزت بات چیت کیلئے تیار ہے۔

شال بقیہ 6

سے بجلی باہر گئی۔ ملتان، فیصل آباد کو بھی سپلائی بحال ہے جبکہ ملک میں بجلی بریک ڈاؤن کا یہ دوسرا واقعہ ہے۔ کوئلے اور نیوکلیئر والے پاور پلانٹس کی بحالی میں کئی گھنٹے درکار ہیں۔ واضح رہے کہ گیٹسن گرڈ میں فلٹ کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی بند ہوگئی جبکہ کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا، کیپ نیوکلیئر پلانٹ کی بجلی بھی سسٹم سے نکل گئی۔ گیٹسن گرڈ میں فلٹ کے باعث 6 سے 8 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم سے نکل گئی جس کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی بجلی بحال کرنے کیلئے آپریشن جاری ہے۔ ملتان سے زیریں پنجاب میں بھی بجلی سسٹم سے نکل گئی ہے۔ کراچی میں راشد منہاس روڈ، گلشن جمال، گلستان جوہر اور گلشن اقبال کے علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ ڈیسپس بانگ سوسائٹی اور پی ای سی ایچ سوسائٹی سمیت دیگر علاقوں میں بھی بجلی بند ہے۔ وزارت توانائی کا بجلی بریک ڈاؤن نے کہا کہ ملک کے جنوبی ٹرانسمیشن میں حادثاتی خرابی پیدا ہوئی، متعدد جنوبی پاور پلانٹس مرحلہ وار ٹرپ ہو رہے ہیں۔ پاور پلانٹس ٹرپ ہونے سے ملک کے جنوبی حصے میں بجلی ترسیل میں رکاوٹ آرہی ہے۔

شال بقیہ 7

نہیں اور قوم کو خوار کر رہا ہیں۔ غلام جوتے پالش کرتے ہیں اور لیڈر آزاد ہوتے ہیں۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ حکمران قوم کو مقروض کر کے چوری کرنے کے بعد بیرون ملک چلے جاتے ہیں، یہ لوگوں کو بھیڑ بکریاں سمجھتے ہیں۔ اب حقیقی آزادی لینے کیلئے آپ سب نے جدوجہد کرنی ہے۔ جو چور 30 سال سے ملک لوٹ رہے تھے اب انہیں پھر مسلط کر دیا گیا۔ چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ دنیا میں جب انقلاب آیا سب سے زیادہ طالب علموں نے حصہ لیا۔ حقیقی آزادی کو سیاست نہیں جہاد سمجھتا ہے۔ ایک مجرم کو سندھ کا گورنر بنا دیا گیا۔ نا انصافی کیخلاف آواز بلند کرنا جہاد ہے۔ قبل ازیں اسد عمر نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور کہا کہ آج سے چند دن بعد عمران خان کال دے گا تو تاریخ کو سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کو بول دیں پاکستان کا نوجوان نہیں ڈرتا۔ پاکستانی نوجوانوں کی طاقت کے سامنے کوئی طاقت کھڑی نہیں ہو سکتی۔ دنیا کی کوئی طاقت نہیں بتائے گی کہ پاکستان نے کیا فیصلے کرنے ہیں، جو فیصلہ ہوگا پاکستان کے نوجوان کریں گے۔ ملک کو معرض وجود میں لانے کیلئے آپ کے نانا، دادا اور میرے والدین نے قربانیاں دیں۔

شال بقیہ 8

ی، مجھے ایف آئی اے نے گرفتار کیا۔ مجھے صرف ایک ٹویٹ کرنے پر گرفتار کیا گیا ہے جب کہ مجھ پر ایجنسیوں نے تشدد کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر بابر اعوان نے اعظم سواتی کی گرفتاری پر اپنے ردعمل میں کہا کہ آج فاشسٹ حکومت نے ایک اور سینئر سینیٹر کو اٹھایا، گرفتاری کے وقت اعظم سواتی کو کہا گیا ہم ایف آئی اے سے ہیں، سینیٹر سیف اللہ کو پہلے اور آج اعظم سواتی کو اٹھا لیا گیا، کہیں ایسا نہ ہو کسی دن معلوم ہو چیئرمین بھی گمشدہ افراد کی فہرست میں چلے گئے، حکمران غیر ملکی کندھے استعمال کرتے ہوئے اقتدار میں آئے ہیں۔ اسی طرح پی ٹی آئی کی خاتون رہنما شیریں مزاری نے کہا کہ فاشسٹ حکومت نے ایک بار پھر کسی بھی جمہوری تنقید پر عدم برداشت کا مظاہرہ کیا، سینیٹر اعظم سواتی کی گرفتاری شرمناک اور قابل مذمت اقدام ہے۔

شال بقیہ 9

ہے تو انتقام ختم ہو جاتا ہے، آل شریف نے انصاف کو غلام گھر میں سجا دیا ہے، حکومت نیا چپ کیسز ختم کرا کے اپنی سیاسی قبر کھودی ہے، چوروں کے کیسز کے پیچھے بڑے فیس (Face) اور دستانے پہنے ہوئے ہاتھ ہیں جو ذلیل اور ذلیل کروا رہے ہیں، بڑا ڈاکو ہی بڑا حکمران ہے انصاف اور قانون غریب کے لیے ہے۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل سنٹرل کورٹ لاہور نے شہباز شریف اور حمزہ شہباز کو ایف آئی اے منی لانڈرنگ کیس میں بری کر دیا، انٹرنیشنل سنٹرل کورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کی بیٹی رہنما حمزہ شہباز کیخلاف دائر ایف آئی اے منی لانڈرنگ کیس کا فیصلہ سنایا جس میں انٹرنیشنل سنٹرل کورٹ نے شہباز شریف اور حمزہ شہباز شریف کی منی لانڈرنگ کیس میں بریت کی درخواستیں منظور کر لیں۔ اس سے قبل انٹرنیشنل سنٹرل کورٹ میں نیچ اجاز اعوان کی سربراہی میں صدور لیگ، وزیراعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کیخلاف منی لانڈرنگ کیس کی سماعت ہوئی، وکیل احمد پرویز نے کہا کہ شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے اکاؤنٹ میں کوئی رقم نہیں آئی، ایف آئی اے نے بدنیتی کی بنیاد پر کیس بنایا، قانون کے مطابق پراسیکیوٹر کو اپنا کیس ثابت کرنا ہے۔ وکیل نے بتایا کہ رشوت کے الزام میں پراسیکیوشن کوئی الزام ثابت نہیں کر سکا، اپنے کریئر میں ایسا کیس نہیں دیکھا جس میں پراسیکیوشن بغیر ثبوت کے چل رہا ہو۔

شال بقیہ 10

سے ادا کرنے کے اعلان کا نتیجہ مقدم کیا ہے وزیراعظم نے کہا کہ وزیراعظم نے ہمارے طلبا کا دیرینہ مسئلہ حل کر کے تعلیم دوستی کا ثبوت دیا ہے اور ان کے اس اقدام سے بلوچستان کے زیر تعلیم طلبہ اپنی تعلیم مکمل کر سکیں گے انہوں نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اس حوالے سے صوبائی حکومت کی درخواست کو منظور کیا اور بلوچستان کے طلبا کا دیرینہ مسئلہ حل کیا جو یقیناً وزیراعظم پاکستان کی جانب ایک خوش آئند اقدام ہے۔

شال بقیہ 11

بلوچ اور دیگر کیڈیٹیز سے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف خان اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگزامینیشن تنویر بلوچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فنانس اصغر کہدانی محمد عیسیٰ صدیق لیکچرار نثار احمد، ڈی کے بلوچ لیکچرار ایڈوکیٹ اکرام اللہ ہوتانی، امانت حسرت آفس سیکرٹری ریاض احمد توتانی امان اللہ شاہ سول سوسائٹی کے رہنما طاہر الاحمد حسین زئی سفر خان راسکوئی بھی موجود تھے۔ بلوچستان یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے کوآرڈینیٹر شاکر علی بلوچ نے انہیں سب کیمپس کے مختلف شعبہ جات اور مسائل سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ یونیورسٹی سب کیمپس خاران کے طلبا، وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم زندہ قوموں کی زیور اور انسانی شعوری روح ہے تعلیم کے بغیر کوئی بھی قوم شعوری ارتقاء کے منازل طے نہیں کر سکتا انہوں نے کہا بلوچستان بالخصوص رخشان ڈویژن اس وقت تعلیمی بحران کا شکار ہے ہمارے دیہی علاقوں میں کئی سکولز ٹیچر نہ ہونے کی وجہ سے بند ہیں رخشان ڈویژن کا واحد تعلیمی ادارہ سب کیمپس اس وقت کلاس رومز اور باتھ سے محروم ہے۔ ہمارے لیے مجموعی طور پر ایک قومی المیہ ہے۔

شال بقیہ 12

شاہرگ کے علاقے ڈالوان نگی سے محمد کاظم نامی شخص کی لاش ملی ہے جسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا۔ لیویز نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا۔ لیویز کے مطابق مذکورہ شخص مقامی کوئلہ کان میں 15 دن پہلے بطور چوکیدار رہا ہے جس کے بعد اس نے کام چھوڑا تھا۔ لیویز نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دیں۔

شال بقیہ 13

لیے اہم حوالے سے یہاں صحیشت اشرافیہ کے لیے میں ہے اور نوے فیصد عوام، روزگار اور کاروبار سے محروم ہیں، یہی سرمایہ دارانہ اور سودی نظام کی تباہی ہے، اہل اقتدار نے کاروبار، تجارت اور صنعت کاری سے ملک کو محروم رکھا جس سے پیداوار، معاشی انصاف اور ترقی کا پہیہ جام ہو گیا، ایسے معاشرے میں آزادانہ فیصلے کرنے کی قوت ختم کر دی گئی ہے، محمد خالق شاہ نے کہا کہ سات دہائیاں گزرنے کے باوجود ابھی تک اشرافیہ اپنی جنگ عوام میں اتار کر خود مسند اقتدار پر متمکن رہی ہے، شخصیت پرستی اور دن میں ہونے ملک کو سیاسی، سماجی اور معاشی طور پر بانجھ کر دیا ہے، اس سے ملک کو نکالنے کے لیے نوجوان کردار ادا کریں، متحد ہو کر ایک فیصلہ کریں گے ایک قیادت سامنے لائیں گے جہاں ہر طبقے کی نمائندگی ہو تو یہ محرومی ختم ہوگی، تحریک پاکستان کے جذبے کی طرح ملک کو بچانے اور تکمیل کے لیے اتحاد ضروری ہے۔

شال بقیہ 14

ساحلی وسائل کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں پی سی ڈی اے محدود وسائل سے مختلف پروجیکٹس کے ذریعے بلوچستان کے ساحلی بیلٹ کی ترقی و خوشحالی کیلئے کوشاں ہے ان میں ایکو ٹورازم ریزورٹس، سی پارکس، فشنگ جیٹیز، ساحلی چوپوں کی افزائش و نمود کے نرسری اور ریسٹ ایریاز کی تعمیر و ترقی شامل ہیں جو بلوچستان کوسٹ لائن کے مختلف مقامات پر جاری ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معائنہ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ کوشل ماسٹر پلاننگ پی سی ڈی اے کا ایک کلیک شپ پروجیکٹ ہے جس سے ہمیں حقیقی اور مستند ڈیٹا حاصل کرنے اور اپنے وسائل کی منصوبہ بندی و بہتر استعمال میں مدد ملے گی ان پروجیکٹس کی تکمیل سے ساحل بلوچستان میں ساحلی سیاحت و معیشت میں انقلابی مثبت بہتری آئے گی۔

شال بقیہ 15

میں درخواست گذار عبدالخالق و دیگر نے صوبائی محتسب کو درخواست دی تھی کہ ضلع سوراب سے لیویز میں بلوچ سپاہی بھرتی ہونے کیلئے ٹیسٹ انٹرویوز میں کل 180 امیدوار کامیابی ہوئے اور میرٹ لسٹ کے مطابق ان کا شمار شروع کے بیس امیدواروں میں تھا جن کے تعیناتی کے آرڈرز ہونے تھے لیکن محکمے نے ان کی جگہ دوسرے امیدواروں کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے انہوں نے صوبائی محتسب سے استدعا کی کہ اس تعین ان کی دادرسی کی جائے۔

شال بقیہ 16

کی وجہ سے کوئٹہ سمیت تمام چھوٹے بڑے شہروں میں معمولات بری طرح اور نظام زندگی مفلوج ہو گیا۔ ترجمان کیسکو کے مطابق تکنیکی خرابی کے باعث بلوچستان کو بجلی سپلائی کرنے والی 220 کے وی کی گنڈو، اوچ، بی، 220 کے وی دادو خضدار اور 220 کے وی ژوبہ غازی خان لورالائی ٹرانسمیشن لائنوں سے صوبے کے 28 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی جبکہ صوبے بھر بجلی میں ڈوب گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ بریک ڈاؤن سے ایران سے بجلی حاصل کرنے والے مکران ڈویژن کے تین اور کے الیکٹرک سے بجلی حاصل کرنے والا ضلع لسبیلہ متاثر نہیں ہوئے۔ ترجمان نے بتایا کہ تکنیکی خرابی کے دور ہونے کے بعد بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مرحلہ وار بجلی کی فراہمی کا عمل شروع کر دیا گیا جو جمعرات کی شب مکمل ہو گیا۔

شال بقیہ 17

کمشنر کوئٹہ سلمیٰ فاروق عبداللہ نے شہر کے مختلف علاقوں کاسی روڈ، کواری روڈ، جوائنٹ روڈ، اقبال روڈ، بروری روڈ، فیصل ٹاؤن اور اے ون منڈی میں گرانفروشوں، منافع خوروں اور سرکاری نرخ کے برخلاف فروخت پر گوشت، مرغی، پھل اور سبزیوں کی دکانوں پر چھاپے مارے گئے جس میں 65 افراد گرفتار اور 50 سے زائد دکانوں کو سیل کر دیا گیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ صدر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نے صدر کے علاقے نواں کلی، ایئرپورٹ روڈ، حالیوں چوک پر گرانفروشوں اور منافع خوروں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 دکاندار گرفتار اور 12 دکانیں سیل کر دیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی فاروق عبداللہ نے کہا کہ شہر میں منافع خوری، گرانفروشی اور سرکاری نرخ نامے کے خلاف ورزی کرنے اجازت نہیں دی جائے گی شہر میں منافع خوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی جبکہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے اور منافع خوروں کو قانون کے شکنجے میں لانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی اور کوئٹہ کے عوام کو کسی صورت منافع خوروں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائیگا۔

شال بقیہ 18

عالمی ادارہ صحت کے نمائندے ڈاکٹر انور بلخی، یوسیف کے لیم لیڈ ڈاکٹر ذوالفقار صدیقی، بل اینڈ ملنڈا گیٹس فاؤنڈیشن کے ڈاکٹر نجیب اللہ مروت، این اسٹاپ کے ڈاکٹر آفتاب کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے حکام نے کہا کہ صوبے بھر میں پولیو کے خاتمے کے حوالے سے 24 اکتوبر کو پولیو ڈے منایا جائیگا۔ حکام نے بتایا کہ پاکستان بھر میں 2016 سے پولیو کے خاتمے کیلئے ایمرجنسی نافذ ہے ملک میں اس سال 20 کیسز پولیو کے رپورٹ ہوئے ہیں جو کہ زیادہ تر خیبر پختونخوا کے شمالی اضلاع میں پایا گیا ہے۔ بلوچستان بھر میں 14 مختلف جگہوں سے پولیو وائرس کی موجودگی یا غیر موجودگی کے نمونے حاصل کیے جاتے ہیں جس میں یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ پچھلے سال سے پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ اجلاس سے ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر سید زاہد شاہ نے کہا کہ میڈیا ریاست کا چوتھا ستون ہے لوگوں کے بنیادی مسائل اور معاشرے کی اصلاح کیلئے صحافی پل کا کردار ادا کرتے ہیں، ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان پولیو کا خاتمہ کرنے کیلئے پرعزم ہے ہمیں میڈیا کے تعاون کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 19

میں اور رقم کی ادائیگی میں معمولی تاخیر پر بھی سود پر سود لگا دیا جاتا ہے جس کے باعث معمولی رقم لاکھوں روپے تک پہنچ جاتی ہے سود خور کے شکنجے میں آ کر ژوب سمیت بلوچستان کے دیگر حصوں میں کئی افراد نے اپنی زندگیوں کا خاتمہ کر لیا تھا چند برس قبل بعض سماجی تنظیموں نے سود خوروں کے خلاف تحریک کا آغاز کیا تھا جسے عوامی حلقوں میں پذیرائی بھی ملی تھی اور کئی گھرانے سود خوروں کے شکنجے سے آزاد ہو گئے تھے لیکن اب ایک مرتبہ پھر بے منہ مافیا متحرک ہو گیا ہے شہر میں مختلف مقامات پر انسٹالمنٹ کی دکانیں قائم کی گئی ہیں جہاں پر غیر شرعی و قانونی دھندہ کھلے عام ہو رہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بلوچستان میں موثر قانون سازی کے فقدان کے باعث غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگ اپنی جمع پونجی سے بھی محروم ہو رہے ہیں اور شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرتا پڑ رہا ہے صوبائی حکومت خاص طور پر ڈی آئی جی پولیس غلام اعظم میسر سے سود خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن کی اپیل کی گئی ہے۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، اسلام کا معاشی نظام مکمل عدل و انصاف پر مبنی ہے۔

شال بقیہ 20

بڑھ کر 580 روپے ہو گئی جب کہ پیٹرولیم اسٹورز پر 50 گرام پشاوری قہوہ 45 روپے تک مہنگا ہونے کے بعد 108 روپے سے بڑھ کر 153 روپے میں فروخت ہوگا۔ اس کے علاوہ ایک کلو برانڈڈ گھی اور ایک لٹر کوکنگ آئل 141 روپے تک مہنگا کیا گیا ہے، 250 گرام شہد کی بوتل 38 روپے تک مہنگی ہوئی ہے، 135 گرام کا ٹوتھ پیسٹ 30 روپے تک مہنگا کر دیا گیا جب کہ پیٹرولیم اسٹورز پر فیس کریم، صابن، شیونگ کریم اور شیشہ صاف کرنے والے لیکویڈ کی قیمت میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ چند روز قبل پیٹرولیم اسٹورز پر مرچ، ہلدی اور کالی مرچ سمیت مصالحہ جات کی قیمتیں بھی بڑھ چکی ہیں اور پیٹرولیم اسٹورز پر برانڈڈ کی 400 گرام مرچ پر ایک یا دو روپے نہیں یک دم 40 روپے کا اضافہ کر دیا۔

شال بقیہ 21

میں آگاہ کیا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والی قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر امام علی رحمن نے وزیر اعظم کو اس سلسلے میں تاجکستان کی جانب سے مسلسل تعاون کی یقین دہانی کرائی جس میں سیلاب سے متعلق ضروری امدادی سامان لے جانے والے ٹرکوں کے اضافی قافلے کی روانگی بھی شامل ہے۔ وزیر اعظم نے گزشتہ ماہ سمرقند میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر تاجک صدر کے ساتھ اپنی ملاقات کا ذکر کیا اور مختلف شعبوں میں مسلسل بڑھتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کو خوش آئند قرار دیا۔ دونوں رہنماؤں نے اعلیٰ سطحی رابطوں، بین الپارلیمانی روابط اور تکنیکی سطح کے اجلاسوں کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا تاکہ فنون تعاون کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ وزیر اعظم نے دونوں ممالک کے مابین توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ CASA 1000 منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

شال بقیہ 22

کو ایس ایس پی سی، کل برانڈ منڈ ڈیٹل کو اے آئی جی لیگل بی پی او کو یہ تعینات کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 23

پارکس، فشنگ جیٹیز، ساحلی چوپوں کی افزائش و نمود کے نرسری اور ریسٹ ایریاز کی تعمیر و ترقی شامل ہیں جو بلوچستان کوسٹ لائن کے مختلف مقامات پر جاری ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معائنہ کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ کوشل ماسٹر پلاننگ پی سی ڈی اے کا ایک کلیک شپ پروجیکٹ ہے جس سے ہمیں حقیقی اور مستند ڈیٹا حاصل کرنے اور اپنے وسائل کی منصوبہ بندی و بہتر استعمال میں مدد ملے گی ان پروجیکٹس کی تکمیل سے ساحل بلوچستان میں ساحلی سیاحت و معیشت میں انقلابی مثبت بہتری آئے گی۔

شال بقیہ 24

کریڈیشن کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاس رینٹ، میڈیکل اور کنوینس الاؤنس میں 100 فیصد اضافہ کیا جائے اور تمام ڈاکٹر، ڈاکٹر کنٹریکٹ، ایڈہاک، پی ایم ایچ ملازمین کو مستقل کیا جائے۔ ادھر سینیٹر نائب صدر چیمبر آف کامرس شیخ جمشید نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں احتجاج کرنے والوں کے لیے جگہ مختص کی جائے کیوں کہ جو جھوٹ بھی آتا ہے اسلام آباد میں آ کر چیخ جاتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ان لوگوں کو پریڈ گراؤنڈ سے آگے نہ آنے دیا جائے کیوں کہ اسلام آباد میں رہنے والوں اور کاروبار کرنے والوں کے بھی حقوق ہیں۔

شال بقیہ 25

کر کے وارنٹ گرفتاری حاصل کیے گئے۔ وارنٹ گرفتاری منسوخ اور طلبی چھلکے جمع کرانے کا حکم دیا جائے۔ عدالت نے آئندہ تاریخ پر فریقین کو دلائل دینے کا حکم دیتے ہوئے وراثت گرفتاری منسوخی کی درخواست پر سماعت 19 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے مقدمہ میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کی گرفتاری کے لئے جاری وارنٹ گرفتاری کی منسوخی کے لئے دائر درخواست سماعت کے لئے منظور کی گئی اور فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے مقدمہ کے تفتیشی کو 13 اکتوبر کو طلب کیا گیا۔ رانا ثناء اللہ کی قانونی ٹیم میں شامل وکلاء نے عدالت میں دائر درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ درخواست گزار کو مذکورہ مقدمہ میں سے گناہ ملوث کیا گیا۔

شال بقیہ 26

جماعتوں نے اس منصوبے کو اپنے دور میں بھی جاری رکھا۔ ایوان کو بتایا گیا کہ اپریل 2022 سے جولائی 2022 تک ملک بھر میں 26 کروڑ 13 لاکھ پودے لگائے گئے۔ پروگرام کے تحت گزشتہ تین سال کے دوران 22 ارب 24 کروڑ روپے خرچ کیے گئے۔ 2016 میں 4.7 ارب روپے کے بجٹ سے گرین پاکستان پروگرام لانچ کیا گیا تھا، 2019 میں پروگرام کا بجٹ 125 ارب روپے کر دیا گیا تھا۔ 10 بلین ٹری سونامی پروگرام کے تحت 3 ارب 29 کروڑ درخت لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا، وزارت تعلیم کی جانب سے تحریری جواب میں بتایا گیا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی مختلف سکیموں کے تحت اس وقت 1 لاکھ 21 ہزار 596 افراد، سکالرشپ پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ایچ ای سی کے تحت 2 ہزار 538 غیر ملکی، 1 لاکھ 19 ہزار 58 مقامی اسکالرز تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ پنجاب کے 57 ہزار، کے پی کے 19 ہزار 756، سندھ کے 18 ہزار 439 اسکالرز زیر تعلیم ہیں۔

شال بقیہ 27

نے بلوچستان کے تمام اضلاع میں کنونشن سینٹر اور احتجاجی ریلیوں کا اعلان کر دیا گیا ہے جس میں عوام کی شرکت ضروری ہے اور اس سلسلے میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی اور تمام اضلاع کے ضلعی امراء، کنونشن اور احتجاجی ریلیوں کو کامیاب بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں اجلاس میں مختلف اضلاع کے شیڈول کا اعلان کر دیا جس میں 27 اکتوبر بروز جمعرات ضلع قلعہ عبداللہ و چمن صبح دس بجے، 9 نومبر بروز جمعہ ضلع ژوب صبح دس بجے، 10 نومبر بروز جمعرات ضلع ژوب شیرانی صبح دس بجے، جبکہ 11 نومبر بروز جمعہ ضلع قلعہ سیف اللہ صبح دس بجے، 12 نومبر بروز ہفتہ ضلع پشین صبح دس بجے اور 13 نومبر بروز اتوار ضلع لورالائی صبح دس بجے کنونشن منعقد ہوں گے۔

شال بقیہ 28

عمرانی ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) محمد الیاس کیزئی ایس ایس پی خضدار سید جاوید اقبال خرشین چیف آفیسر خضدار ڈاکٹر محمد صالح جاموت نے اڈا استقبال کیا۔ جہاں سے وہ واہ جا کر سردار اختر جان مینگل سے ان کے چچا میر عبداللہ مینگل کی وفات پر تعز

عمران خان کے اگلے چند دن میں کال دینے والے ہیں، اسد عمر

عمران خان کا پیغام پمفلٹ کی صورت میں چھپوایا گیا ہے، رانا ثنا اللہ کو بول دیں پاکستان کا نوجوان نہیں ڈرتا، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی

نوجوانوں تیار رہو ڈرتو نہیں، لگے رہا۔ پاکستانی نوجوانوں کی طاقت کے سامنے کوئی طاقت کھڑی نہیں ہو سکتی۔

راولپنڈی (نی این ایم) تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر کا کہنا ہے کہ عمران خان اگلے چند دن میں کال دینے والے ہیں، آج سے چند دن بعد عمران خان کال دے گا تو تاریخ کو سب سے بڑا اجتماع ہوگا۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ کو بول دیں پاکستان کا نوجوان نہیں ڈرتا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسد عمر نے راولپنڈی کی ایک یونیورسٹی میں طلبہ سے خطاب میں کہا کہ نوجوانوں تیار رہو ڈرتو نہیں لگے رہا۔ پاکستانی نوجوانوں کی طاقت کے سامنے کوئی طاقت کھڑی نہیں ہو سکتی۔ دنیا کی کوئی طاقت نہیں بتائے گی کہ پاکستان نے کیا فیصلے کرنے ہیں، جو فیصلہ ہوگا پاکستان کے نوجوان کریں گے۔ ملک کو معرض وجود میں لانے کیلئے آپ کے نانا دادا اور میرے والدین نے قربانیاں دیں، آپ کو بھی قربانیاں بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

پارلیمانی سیکریٹری ایس ایچ جی اے دی محترمہ شرمی رند پہلا آل بلوچستان انٹر کالج وومین والی بال ٹورنامنٹ 2022 کی فاتح ٹیم کو ٹرافی دے رہی ہیں

اسلام کے خاندانی نظام اور کلچر و ثقافت کی حفاظت کر رہے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

فیضان و اثرات سے نیک معاشرہ کو تشکیل دے کر دنیا کے لیے مثال بن چکی

غیر اسلامی ثقافت و کلچر کی یلغار کے مقابلہ میں مسلمانوں کے لیے مضبوط حصار کی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ دارالعلوم فاروقیہ کوئٹہ کا سالانہ جلسہ دستار فضیلت و تخصص دینی مدارس کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی ضلعی امیر مولانا قاری مہر اللہ صوبائی محتسب اعلیٰ مولانا نیاز محمد مولانا علاؤالدین صوبائی ترجمان مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا محمد ابراہیم مولانا عبدالحی حافظ ہدایت اللہ حافظ بشیر احمد مولانا نصیب اللہ مولوی محمد قاسم و دیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے دفاعی و حصاری بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

اسلام کے خاندانی نظام اور کلچر و ثقافت کی حفاظت کر رہے ہیں، عبدالقادر لونی

فیضان و اثرات سے نیک معاشرہ کو تشکیل دے کر دنیا کے لیے مثال بن چکی امت مسلمہ للبیت، تربیت اور تہذیب سکھا، مرکزی رہنماء جمعیت ان

خاندانی نظام اور کلچر و ثقافت کی حفاظت کر رہے ہیں غیر اسلامی ثقافت و کلچر کی یلغار کے مقابلہ میں مسلمانوں کے لیے مضبوط حصار کی حیثیت رکھتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) جامعہ دارالعلوم فاروقیہ کوئٹہ کا سالانہ جلسہ دستار فضیلت و تخصص دینی مدارس کانفرنس سے جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی ضلعی امیر مولانا قاری مہر اللہ صوبائی محتسب اعلیٰ مولانا نیاز محمد مولانا علاؤالدین صوبائی ترجمان مولانا رحمت اللہ حقانی مولانا محمد ابراہیم مولانا عبدالحی حافظ ہدایت اللہ حافظ بشیر احمد مولانا نصیب اللہ مولوی محمد قاسم و دیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے دفاعی و حصاری قلعے ہیں وحی الٰہی اور آسمانی تعلیمات کے حصل اور محفوظ ذخیرہ کی نہ صرف حفاظت کر رہے ہیں بلکہ سوسائٹی میں اس کی عملی تطبیق کا نمونہ بھی باقی رکھے ہوئے ہیں۔ تاکہ نسل انسانی کے وہ سلیم الفطرت لوگ جو "عقل و خواہش" کی مطلق بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی فاروق عبداللہ شہر میں منافع خوروں اور گرانفروشوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

ریلی کا اور لانگ مارچ کا رخ بارشوں و سیلاب سے متاثرین کی مدد کے طرف ہونا چاہیے

حکومت الیکشن کا انتظار کیے بغیر عوام کو مہنگائی سے نکالنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے، اہلسنت والجماعت

کوئٹہ (این این آئی) اہلسنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری نے اپنے تحریری بیان میں کہا کہ اس وقت ملک اور عوام بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں پی ٹی آئی کی جانب سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کا اعلان افسوسناک ہے اس وقت بارشوں سیلاب سے متاثرین کی طرف لانگ مارچ ہونا اور ان کو ریلیف دینے کے لیے لوگوں کو لانا چاہیے ایک طرف تو سیاستدان خدمت خلق کی دعوے دار ہیں تو عوام کو بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

مکہ مکرمہ میں حج کے خطبے کے امام کل لاہور میں جمعہ کی نماز پڑھائیں گے

بادشاہی مسجد میں خطبہ جمعہ دینگے، زیادہ سے زیادہ لوگ فیض یاب ہوں، عبدالخبیر آزاد

لاہور (نی این ایم) مکہ مکرمہ میں حج کے خطبے کے امام ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی کل بروز جمعہ کو لاہور کی بادشاہی مسجد میں نماز پڑھائیں گے۔ بادشاہی مسجد کے خطیب اور چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے بتایا کہ خطیب اور امام حج ڈاکٹر شیخ محمد بن عبدالکریم العیسی ساڑھے 12 بجے نماز جمعہ کا خطبہ دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اہالیان لاہور کیلئے بڑے اعزاز اور فخر کی بات ہے کہ عالم اسلام کی عظیم شخصیت سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی یہاں آ رہے ہیں۔

اندھیر نگری چوپٹ راج بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام قاتل بن چکا

ہجوم کے نیچے دب جانے سے ایک بچہ اور ایک خاتون جاں بحق ہو گئے

کوئٹہ (این این آئی) اندھیر نگری چوپٹ راج بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام قاتل بن چکا ہے بلوچستان کے علاقے ژوب کے 5 لاکھ سے زائد ہو چکے ہیں ان افراد کیلئے ایک سینٹر ہے آئے روز ایک نہ ایک دلخراش منظر دیکھنا ہوتا ہے اور عزت دار خواتین کیلئے مسائل پیدا ہوتے ہیں 10 اکتوبر کو ژوب میں خواتین بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے اپنا رقم حاصل کرنے کیلئے جب لائن میں کھڑے تھے کہ اچانک بھگدڑ مچ گئی جس سے ہجوم کے نیچے دب جانے سے ایک بچہ اور بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

لورالائی ڈاکوؤں کی مزدا ٹرک پر فائرنگ، دو افراد زخمی نقدی رقم چھین کر فرار

لورالائی (این این آئی) صبح تقریباً 5 بجے ضلع لورالائی کے حدود میں ڈی جی خان قومی شاہراہ پر منیجر کے مقام پر ڈاکوؤں نے مزدا ٹرک پر فائرنگ کی جس میں دو ڈرائیور زخمی ہوئے ڈاکو ایک لاکھ چالیس ہزار روپے چھین بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کامیابی کا راستے بہترین تعلیم کے حصول سے ملتا ہے، اے ڈی سی سبی

شجرکاری مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمے داریوں میں شامل ہے، وحید شریف عمرانی

سبی (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر وحید شریف عمرانی نے کہا ہے کہ کامیابی کا راستے بہترین تعلیم کے حصول سے ملتا ہے شجرکاری مہم کو کامیاب بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمے داریوں میں شامل ہے آج پودا لگا کر کل ہم اس کا پھل اور سایہ حاصل کریں گے جس طرح ایک استاد اپنے شاگرد کی تعلیم و تربیت کرکے اس کو اچھے مقام تک پہنچانے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتا ہے اسی طرح ایک پودے کی حفاظت بروقت پانی دیکر ہم پودے کو تناور درخت بنانے میں اپنا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

عدالت کا بجلی کی بندش پر سی ای او کے الیکٹرک کو گرفتار کرنے کا حکم

کراچی (نی این ایم) سندھ ہائی کورٹ نے بجلی کی بندش پر سی ای او کے الیکٹرک کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں بجلی بند ہونے کے معاملے کی سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے سی ای او الیکٹرک کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کو وارنٹ کی ایک گھنٹے میں تعمیل کرانے کا حکم دیا اور کہا کہ پولیس سی ای او کے الیکٹرک کو ایک گھنٹے میں لے آئے۔ معلوم ہوا ہے کہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

مولانا عبدالغفور حیدری و دیگر کا اختر مینگل سے چچا کی وفات پر فاتحہ خوانی و تعزیت

خضدار (این این آئی) چیئرمین سینٹ محمد صادق طہرانی کی خضدار آمد ان کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری بھی تھے۔ خضدار ایئرپورٹ پر رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کمشنر بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

عمران خان چاہتے تھے سرفراز چیمہ کو وزارت داخلہ دی جائے، ہاشم ڈوگر

پارٹی چیئرمین کا حکم سر آنکھوں پر، حکم دیں گے تو وہ سیاست ہی چھوڑ دیں گے، سابق وزیر داخلہ

لاہور (نی این ایم) سابق وزیر داخلہ پنجاب کرنل (ر) ہاشم ڈوگر نے کہا ہے کہ عمران خان چاہتے تھے کہ عمر سرفراز چیمہ صاحب کو وزارت داخلہ دی جائے۔ عمران خان کا حکم سر آنکھوں پر، اس لیے پنجاب کی وزارت داخلہ چھوڑ دی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان حکم دیں گے تو وہ سیاست ہی چھوڑ دیں گے۔ قبل ازیں اپنے بیان میں ہاشم ڈوگر کا کہنا تھا کہ میں نے ذاتی وجوہات پر استعفیٰ دیا ہے اور ہمیشہ عمران خان کا وفادار رہوں گا۔

پاکستان میں پولیو ویکسین پر پابندی کیخلاف فتویٰ مسترد

قاہرہ (این این آئی) دنیا میں مسلمانوں کی سب سے بڑی دینی درس گاہ مصر کی جامعہ الازہر نے پاکستان میں پولیو ویکسین پر پابندی کے حوالے سے فتوے جاری کرنے سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو ویکسین ایک مذہبی، طبی اور انسانی فریضہ ہے۔ یونیورسٹی کی جانب سے ٹویٹ کرتے ہوئے کہا گیا کہ پولیو ویکسین پر پابندی عائد کرنا پاکستان میں بچوں اور خاندانوں کے بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

ضلع جھل مگسی میں سیلاب متاثرین تاحال بے سروسامان زندگی گزار رہے ہیں

امیروں سیاسی لوگوں کے کہنے پر سامان تقسیم ہو رہی ہے، عصمت اللہ بلوچ

جھل مگسی (آن لائن) تحریک لبیک جھل مگسی کے ناظم عصمت اللہ بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ ضلع جھل مگسی میں سیلاب متاثرین تاحال بے سروسامان زندگی گزار رہے ہیں، علیریاں دیگر بیماریوں میں سیلاب متاثرین مبتلا ہو چکے ہیں سیلاب متاثرین کو ضلعی انتظامیہ دانستہ طور نظر انداز کر رہی ہے۔ امیروں سیاسی لوگوں کے کہنے پر سامان تقسیم ہو رہی ہے۔ جو قابل مذمت ہے۔ تحریک لبیک سیلاب متاثرین کے ساتھ ہے۔ ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

وزیراعظم کا تحفہ، بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علموں کے لئے تعلیمی اخراجات ختم کر دیئے گئے

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علم مفت تعلیم حاصل کر سکیں گے

اسلام آباد (نی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کا بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علموں کے لئے بڑا تحفہ، بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علموں کے لئے تعلیمی اخراجات ختم کر دیئے گئے۔ جمعرات کو بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علموں کی اعلیٰ تعلیم کی حوصلہ افزائی کیلئے وزیراعظم نے اقدام اٹھایا، اقدام کا مقصد قومی اتحاد، اخوت اور بھائی چارے کی فضا کا فروغ ہے۔ اعلامیہ کے مطابق اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں بلوچستان اور سابق فاٹا کے طالب علم مفت تعلیم حاصل کر سکیں گے۔

بلوچستان سیلاب سے 80 فیصد تباہ حال ہو چکا ہے، مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان

یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ ملک کو بچانے کا وقت ہے، مرکزی ناظم اعلیٰ سردار منظور عباسی کا پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ سردار منظور عمر فاروق عباسی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیلاب سے 80 فیصد تباہ حال ہو چکا ہے یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ ملک کو بچانے کا وقت ہے بلوچستان میں 400 گھرانوں میں راشن تقسیم کیا گیا ہے آج انتظام پاکستان کی ضرورت ہے تمام طلباء تنظیمیں ملکر سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے کام کریں وفاقی بلوچستان کے لئے ایک الگ کمیٹی تشکیل دیکر یہاں کے مکمل سروے کریں یہ بات بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

چوبیس گھنٹوں میں پنجاب بھر سے ڈینگی کے 295 نئے مریض رپورٹ

لاہور (نی این ایم) گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں صوبہ بھر سے ڈینگی کے 295 نئے مریض رپورٹ ہوئے ہیں۔ سیکرٹری صحت ارشاد احمد کے مطابق لاہور سے 127، راولپنڈی سے 71، ملتان سے 27، گوجرانوالہ سے 21، شیخوپورہ سے 8، گجرات سے 7، حافظ آباد سے 6، فیصل آباد سے 4، قصور، چکوال، بہاولنگر بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

عدالت کے بجلی کی بندش پر CEO الیکٹرک کو گرفتار کرنے کا حکم

سندھ ہائیکورٹ کے الیکٹرک کو ماہانہ 60 لاکھ روپے بجلی کا بل دیتا ہے، بجلی نہیں ہوگی تو عدالتیں کیسے چلائیں

پولیس سی ای او کے الیکٹرک کو ایک گھنٹے میں پیش کرے سندھ ہائیکورٹ نے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے

کراچی (نی این ایم) سندھ ہائی کورٹ نے بجلی کی بندش پر سی ای او کے الیکٹرک کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا۔ سندھ ہائی کورٹ میں بجلی بند ہونے کے معاملے کی سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے سی ای او کے الیکٹرک کے قابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی کو وارنٹ کی ایک گھنٹے میں تعمیل کرانے کا حکم دیا اور کہا کہ پولیس سی ای او کے الیکٹرک کو ایک گھنٹے میں لے آئے۔ معلوم ہوا ہے کہ وارنٹ گرفتاری جاری ہونے پر کے الیکٹرک حکام عدالت میں پیش ہوئے اور بتایا کہ بجلی کے الیکٹرک کی وجہ سے بند نہیں ہے، پورے ملک کا نظام بیٹھا ہوا ہے۔ جس پر جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا کہ سندھ ہائیکورٹ کے الیکٹرک کو ماہانہ 60 لاکھ روپے بجلی کا بل دیتا ہے، بجلی نہیں ہوگی تو عدالتیں کیسے بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

لاہور: جعلی باپ پیش کر کے کمسن بچی شناختی کارڈ و پاسپورٹ بنوا کر ملائشیا روانہ

لاہور (نی این ایم) صوبہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور میں جعلی باپ پیش کر کے کمسن بچی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بنوا کر ملائشیا روانہ ہو گئی۔ بچی کی ماں اور باپ میں علیحدگی ہو چکی ہے اور بچی کی حوالگی کے حوالے سے عدالت میں کیس بھی چل رہا ہے لیکن ماں نے جعلی باپ پیش کر کے کمسن بچی کا شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بنوا کر بچی کی حوالگی کے کیس کا فیصلہ بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے اسسٹنٹ کمشنر (ر) عادل علی کے ہمراہ تمبو کا دورہ

روزنامچہ مرتب نہ ہونے اور تحصیل آفس میں صفائی ستھرائی کے فقدان پر اظہار برہمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے اسسٹنٹ کمشنر (ر) عادل علی کے ہمراہ تمبو کا دورہ کیا انہوں نے ریکارڈ روم سروے عمل اور روزنامچے کے حوالے سے آگاہی حاصل کی ریکارڈ اور روزنامچہ مرتب نہ ہونے اور تحصیل آفس میں صفائی ستھرائی کے فقدان پر اظہار برہمی کی تحصیلدار تمبو ہمایوں کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر کو آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ تحصیل تمبو 38 موضع جات پر مشتمل ہے سیلاب زدہ علاقوں میں سروے کا عمل بھی جاری بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 11 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا

سیلاب زدگان کی بحالی، پاکستان آرمی، ایف سی اور سول انتظامیہ کی امدادی کارروائیاں

جہاں 12506 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (نامہ نگار) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ جھل مگسی اور صحت پور میں 3 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 12506 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور این ڈی ایم اے کی جانب سے 2002 کھانے کے پیکٹس اور 3834 نفیس مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 11 فری میڈیکل بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی ایک اور مبینہ آڈیو لیک ہو گئی

اتحادیوں میں حکومتی عہدوں کی تقسیم پر گفتگو ڈیل میں اہم کردار کے نام کا بھی ذکر کیا گیا

میڈیا رپورٹس کے مطابق آڈیو میں وزیراعظم شہباز شریف کو ایک نامعلوم شخص سے گفتگو کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے

اسلام آباد (نی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف کی ایک اور مبینہ آڈیو لیک ہو گئی جس میں اتحادیوں میں حکومتی عہدوں کی تقسیم پر گفتگو کی گئی اور ڈیل میں اہم کردار کے نام کا بھی ذکر کیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آڈیو میں وزیراعظم شہباز شریف کو ایک نامعلوم شخص سے گفتگو کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے، جس میں دوسرا فرد کہہ رہا ہے کہ پیپلز پارٹی والے معاون خصوصی کے عہدوں میں سٹیٹس مانگ رہے ہیں۔ اس کے جواب میں وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سے بلاول نے بات کی تھی۔ نامعلوم شخص نے کہا کہ یہ پھر ہم نے دیکھنا ہے کہ ظفر محمود اور جہانزیب صاحب کو لگانا ہے، یہ آج آپ کو ایک فائنل نمبر بتا دوں گا۔ اس پر شہباز شریف نے کہا کہ وہ ڈاکٹر کو سٹیٹس کر لیں گے، پیپلز پارٹی اور باقی کو بھی کریں گے۔ آڈیو میں ایک بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کراچی میں 23 اکتوبر کے بلدیاتی انتخابات کیلئے مطلوبہ سیکورٹی وسائل دستیاب نہیں

بڑی تعداد میں پولیس فورس سیلاب زدگان کی مدد میں مصروف ہے

2 مراحل میں بلدیاتی انتخابات کرانے کیلئے تیار ہیں، سندھ حکومت

کراچی (نی این ایم) سندھ حکومت کا کہنا ہے کہ 23 اکتوبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے لیے مطلوبہ سیکورٹی وسائل دستیاب نہیں ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سندھ حکومت نے کہا کہ بڑی تعداد میں پولیس فورس سیلاب متاثرین کیلئے امداد کاموں میں مصروف ہے۔ سندھ حکومت کا مقصد ہے کہ 2 مراحل میں کراچی میں بلدیاتی انتخابات کرانے کے لیے تیار ہیں، 3 ماہ میں حالات معمول پر آ جائیں تو بلدیاتی انتخابات کے لیے سیکورٹی وسائل دستیاب ہوں گے۔

صحت پور، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ یوسف کے نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلعی الیکشن کمشنر چمن وودو احمد کی جانب سے ون ونڈو سینٹر کا قیام

شہری ووٹ چیک کرنے کے بعد اپنے ووٹ کا اخراج، تصحیح اور نیا اندراج بھی کروا سکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کمیشن آف پاکستان کی ہدایت کی روشنی میں الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 37 کے تحت پورے ملک کی طرح ضلع چمن میں بھی حتمی ووٹر لسٹوں کی تشہیر کے بعد ضلعی الیکشن کمشنر آفس چمن میں "ون ونڈو سینٹر" کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے۔ جس میں تمام شہری ووٹر لسٹوں میں اپنا ووٹ چیک کرنے کے بعد اپنے ووٹ کا اخراج، تصحیح اور نیا اندراج بھی کروا سکتے ہیں۔

سیلاب زدگان کی بحالی، پاکستان آرمی، ایف سی اور سول انتظامیہ کی امدادی کارروائیاں

جہاں 12506 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے

پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 11 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (نامہ نگار) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ جھل مگسی اور صحت پور میں 3 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 12506 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور این ڈی ایم اے کی جانب سے 2002 کھانے کے پیکٹس اور 3834 نفیس مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 11 فری میڈیکل بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

بی ڈویژن کے تمام ضلعی الیکشن کمشنرز کے دفاتر میں ون ونڈو سینٹر قائم کر دیئے گئے، محمد شریف دہوار

بی (این این آئی) ریجنل الیکشن کمشنر بی ڈویژن محمد شریف دہوار نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ بی ڈویژن کے تمام ضلعی الیکشن کمشنرز کے دفاتر میں ون ونڈو سینٹر قائم کر دیئے گئے ہیں تاکہ عوام اپنے ووٹ کے اندراج و ووٹر لسٹوں کا معائنہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں بی ڈویژن میں شامل ضلع بی، ضلع ڈیرہ بگٹی، ضلع کوہلو، ضلع برہانی، ضلع زیارت کے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کے دفاتر میں عوام کی سہولت بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

سینکڑوں ملازمین اسلام آباد میں دھرنا دینے کو تیار ہے، ایپکا سی ڈویژن

صوبائی صدر داد محمد بلوچ کی قیادت میں متحد و منظم ہو کر جدوجہد کر رہے ہیں، بابو محمد انور بنگ

بی (این این آئی) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بی ڈویژن کے صدر بابو محمد انور بنگ نے کہا ہے کہ مرکزی و صوبائی قائدین کی کال پر بی کے سینکڑوں ملازمین اسلام آباد میں دھرنا دینے کو تیار ہے صوبائی صدر داد محمد بلوچ کی قیادت میں متحد و منظم ہو کر جدوجہد کر رہے ہیں تمام ملازمین ایپکا کی چھتری تلے متحد ہو کر درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے جدوجہد میں شامل ہو جائیں۔

لورالائی، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمٰن شاہوانی یونیورسٹی میں مختلف ترقیاتی کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت فیروز احمد الرحمٰن کھتران سیلاب بارش اور سیلاب میں متاثرین کا دورہ کر رہے ہیں، تصویر خان ساجد نصیر کھتران سندھ سے ہے

عمران خان کا سیلاب متاثرین کی تعمیر نو اور بحالی کے منصوبے کا انعقاد

سیلاب زدہ متاثرین کو فوری ریلیف فراہم کرنے کیلئے شیلٹرز، کھانے کی اشیاء اور کیش گرانٹ تقسیم کیے

کوئٹہ (اے این این) حالیہ سیلاب کے پیش نظر ملک بھر میں ریکارڈ تباہ کاریاں دیکھی گئی جس کے نتیجے میں 10 لاکھ سے زائد گھروں میں پانی ہوئے۔ بلوچستان ان کچھ صوبوں میں سے ہے جہاں متاثرین آج بھی بے یار و مددگار، کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں۔ اسلامک ریلیف نے بلوچستان کے سیلاب زدہ متاثرین کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے شیلٹرز، کھانے کی اشیاء، اور کیش گرانٹ تقسیم کیے اور اب بحالی اور تعمیر نو کے اقدام کی شروعات کے لیے گراؤنڈ بریکنگ سیرمنی کا انعقاد کوئٹہ میں کیا جس میں مہمان خصوصی ڈائرکٹر پلاننگ، پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر صحت پور نے تعمیر نو کے لیے سے زائد سکولوں کا جائزہ لیا

صحت پور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر صحت پور کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ کی ہدایت کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر صحت پور افتخار ظہیر نے ماچھی پور کے دس سے زائد سکولوں کا جائزہ لیا سیلاب کی وجہ سے کئی سکولوں کی حالت بہت زبوں ہونے کی وجہ سے سکول انتظامیہ اور بچوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس پر انہوں نے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

غفلت کے مرتکب افراد کو کسی صورت نہیں بخشا جائے گا، ڈی سی نصیر آباد

بابا کوٹ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری نے کہا ہے کہ عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف خندہ پیشانی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیں غفلت کے مرتکب افراد کو کسی صورت نہیں بخشا جائے گا دورہ دراز علاقوں میں روٹر ایمبولینسز اور بی ایچ یو زانتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں سیلاب کی صورتحال کے باوجود اسٹاف کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی ضلع بھر میں ایمرجنسی نافذ ہے اس لیے کوتاہی کی بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

متاثرین سیلاب کی مدد کیلئے وسائل فراہم کیے جائیں گے، اقوام متحدہ

پاکستان تاریخی تباہی سے گزر رہا ہے، معیشت اور انفراسٹرکچر کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے

جولین ہرنیس اور رتھ مکوانا کی سردار شاہد احمد لغاری سے ملاقات، ریلیف ورک سے متعلق بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) اقوام متحدہ کی پاکستان میں ریذیڈنٹ ایڈہیو مینیجر ین کوآرڈینیٹر جولین ہرنیس (Julien Harneis) اور ہیڈ آف او چا (OCHA) رتھ مکوانا (Ruth Mukwana) نے بلال احمر پاکستان کی سیلاب زدہ علاقوں میں بروقت ریسپانس کو سراہتے ہوئے اقوام متحدہ کے تمام امدادی اداروں بالخصوص یو این ایف پی اے اور ڈبلیو ایف پی کے رابطہ اجلاس میں آن بورڈ لینے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ چیئرمین بلال احمر پاکستان سردار شاہد احمد لغاری سے میٹنگ کے دوران دونوں عالمی اداروں کی جانب سے چیئرمین شپ سنبھالنے پر مبارکباد تہنیت پیش کیا گیا۔ اس ملاقات میں سردار شاہد احمد لغاری نے تباہ کن تباہی، سیلاب زدہ علاقوں کے دورے اور امدادی سرگرمیو بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت تعارفی اجلاس

قلات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے زیر صدارت ایک تعارفی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اے ڈی سی خدا بلوچ اے سی قلات جہانزیب بلوچ اے بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم اجلاس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد عائشہ زہری کی زیر صدارت انسداد پولیو